★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر28......شمارہ نمبر20 بروز منگل 20 اکتوبر 2026ء 7 جمادی الاول 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

زیارت، ڈرون حملے میں چرواہا جاں بحق 2 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) زیارت کے علاقے میں ڈرون حملے میں چرواہا جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ روز زیارت کے علاقے اندرگئی میں چرواہے مال مویشی چرا رہے تھے کہ ان پر ڈرون حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں ایک چرواہا جان کی بازی ہار گیا اور 2 زخمی ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے پولیس اور سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں زخمیوں اور نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بیلہ، زمباد گاڑی میں آگ لگنے سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) بیلہ کے علاقے میں زمباد گاڑی میں آگ لگنے سے ایک شخص زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بیلہ کے علاقے کیارا کے مقام پر زمباد گاڑی میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس سے گاڑی مکمل طور پر جل گئی اور ایک شخص زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی بیلہ پولیس کر رہی ہے۔

رانا مشہود احمد کا بی اے مال کوئٹہ کے دورے کے دوران محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نمائشی اسٹال کا معائنہ



کوئٹہ (پ ر) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد نے بی اے مال کوئٹہ کے دورہ کے دوران محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے نمائشی اسٹال کا دورہ کیا، جہاں محکمہ کے افسران نے انہیں مختلف عوامی سہولیات، آن لائن ٹیکس نظام، منشیات کی روک تھام (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

شہدا کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشین میں آئی ای ڈی دھماکے میں شہید ہونے والے میجر وجاہت وحید کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں گورنر مندوخیل نے کہا کہ شہید میجر وجاہت وحید نے وطن عزیز کے دفاع کیلئے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ میں نوجوانوں کی فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے پروگرام کا آغاز ہوگیا، جمال رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو دور جدید کے تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنے کے لئے فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے پروگرام کا آغاز کر دیا ہے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

بدعنوان عناصر کیخلاف بلا امتیاز کارروائی، ٹیکس گیپ پر قابو پانے کیلئے ایف بی آر کی استعداد کار میں مسلسل بہتری لائی جائے، وزیراعظم شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

وزیراعظم کی ٹیکس وصولی کے شعبوں میں فیس لیس نظام کے نفاذ کو تیز کرنے کی ہدایت

ایف بی آر کی وسیع پیمانے پر تکنیکی بنیادوں پر تنظیم نو جاری ہے، مہارت یافتہ تکنیکی افرادی قوت کی بھرتی اور کارکردگی سے منسلک مراعات کا نظام متعارف کرایا جا چکا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ٹیکس وصولی کے شعبوں میں فیس لیس نظام کے نفاذ کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ادارے میں بدعنوان عناصر کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے اور ٹیکس گیپ پر قابو پانے کیلئے ایف بی آر کی استعداد کار میں مسلسل بہتری لائی جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم ایف بی آر میں اصلاحات کی رفتار میں تیزی لانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر میں جاری اصلاحات کے ابتدائی نتائج حوصلہ افزا ہیں، ٹیکس گیپ پر قابو پانے کے لیے ایف بی آر کی استعداد کار میں مسلسل بہتری لائی جائے، ایف بی آر میں اصلاحات کو نتیجہ خیز بنانے کے لیے ٹیکنا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ضروری اشیاء کی برآمدات کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مذاکرات کے ذریعے حل تلاش کرنے میں ناکامی اور فوجی تصادم کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس یقیناً حرکت میں آئے گا، انڈیپینڈنٹ عربیہ کو خصوصی انٹرویو

حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، سعودی عرب کی خودمختاری اور سالمیت کا دفاع پاکستان کی اولین ترجیح ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

سعودی عرب کی خودمختاری اور حرمین شریفین کا تحفظ کی اولین ترجیح ہے پاک فوج

مشرق وسطیٰ میں فوجی تنازع کا پھیلاؤ کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے حل ناگزیر ہے مذاکرات ناکامی اور فوجی تصادم کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس یقیناً حرکت میں آئیگا

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے واضح کیا ہے کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور بالخصوص حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے اولین ترجیح ہے، اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ سعودی عرب میں مقدس مقامات پر حملوں کے حوالے سے پاکستانی عوام، سیاسی قیادت اور عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، جبکہ پاکستان کا موقف بالکل واضح (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کیلئے نجی شعبے کو آگے بڑھنا چاہیے، شہباز شریف

لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کا پلان جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کا پلان جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کے لئے نجی شعبے کو آگے بڑھنا چاہیے، وفاقی حکومت مویشیوں کے لیے جدید اور موثر ویکسین کی پیداوار کا قومی سطح کا پلانٹ اپنے وسائل سے قائم کرے گی۔ وزیرا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز عبدالظاہر گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہلا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

دنیا کے 72 ممالک کی جیلوں میں 21 ہزار 647 پاکستانی قید ہیں، قومی اسمبلی میں تفصیلات پیش

سب سے زیادہ 5 ہزار 297 متحدہ عرب امارات 4 ہزار 775 سعودی عرب کی جیلوں میں قید ہیں، وزیر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) دنیا کے 72 ممالک کی جیلوں میں 21 ہزار 647 پاکستانی قید ہیں، جن میں سب سے زیادہ 5 ہزار 297 پاکستانی متحدہ عرب امارات جبکہ 4 ہزار 775 سعودی عرب کی جیلوں میں قید ہیں۔ بھارت میں بھی 738 پاکستانی مختلف مقدمات میں قید ہیں۔ یہ تفصیلات وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی جانب سے قومی اسمبلی میں وقفہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

میزئی اڈہ صدر تھانے پر نامعلوم دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ایک اہلکار زخمی

کوئٹہ (آن لائن) میزئی اڈہ صدر تھانے پر نامعلوم دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور ایک اہلکار زخمی ہوگیا واقعہ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گیا جوابی کارروائی پر ملزمان فرار ہوگئے نعش اور زخمی کو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں، نسیم الرحمٰن ملاخیل

صوبائی مشیر کی گوادر فری زون میں شہزاد اینڈ شاہ فارم پرائیویٹ لمیٹڈ کا افتتاح کیا

پاکستان کی تجارت کو بین الاقوامی منڈیوں تک وسعت دینے میں مدد مل سکتی ہے

گوادر (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے گوادر کے دورہ کے موقع پر گزشتہ روز گوادر فری زون میں شہزاد اینڈ شاہ فارم پرائیویٹ لمیٹڈ کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں حکومت پنجاب کی رکن صوبائی اسمبلی و چیف منسٹر اسکلشن ٹیم کی رکن محترمہ تحسین فواد، وفاقی سیکریٹری میری ٹائم آفیسر محمد خرم آغا، سی پیک کی کوآرڈ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

عزم استحکام کے وژن کے تحت دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری شدت سے جاری رکھی جائیں گی، آئی ایس پی آر

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشنز 7 دہشتگرد ہلاک، میجر وجاہت وحید شہید

سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 7 دہشت گرد ہلاک جبکہ دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے، غاریں اور پناہ گاہیں تباہ کر دی گئیں

قلات کے علاقے جاتک آباد میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 7 دہشت گرد ہلاک جبکہ دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے، غاریں اور پناہ گاہیں تباہ کر دی گئیں۔ ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور میں کلیئرنس آپریشن کے دوران دیسی ساختہ بم کی زد میں آ کر لاہور سے تعلق رکھنے والے 24 سالہ میجر وجاہت وحید شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انٹیلی جنس اداروں کی جانب سے بلوچستان کے ضلع قلات کے علاقے جاتک آباد، ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور اور ضلع چاغی کے دشوا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد لغاری سردار فاروق احمد خان لغاری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد، جسٹس سید حسن اظہر رضوی وفاقی آئینی عدالت کے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

سینیٹر محمد عبدالقادر اور چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ سینیٹر دلاور خان کی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات

تحقیق، علم اور فکری مکالمہ بہتر پالیسی سازی اور معاشی ترقی کیلئے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، سیدال ناصر

ملکی و علاقائی صورتحال، بلوچستان کے امور اور موجودہ سیاسی حالات پر تبادلہ خیال تاجر برادری کے نمائندوں کی بھی ملاقاتیں

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار کے چیئرمین سینیٹر محمد عبدالقادر اور قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر دلاور خان نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، قو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

گوادر، سیکریٹری میری ٹائم افیئرز محمد خرم آغا چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر نسیم الرحمان شہزاد اینڈ شاہ فارم کی سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بجلی کے شعبے میں گردشی قرضے کا حجم ایک بار پھر بڑھ گیا

پاور ڈویژن کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کردہ تفصیلات

اسلام آباد (آن لائن) بجلی کے شعبے میں گردشی قرضے کا حجم ایک بار پھر بڑھ گیا، مالی سال 2025-26 کے اختتام پر یہ قرضہ 1675 ارب روپے تک پہنچ گیا، جبکہ گزشتہ مالی سال کے اختتام پر اس کا حجم 1641 ارب روپے تھا۔ پاور ڈویژن کی جانب سے قو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

وزیراعظم شہباز شریف کا رواں ہفتے پشاور کا دورہ متوقع

اسلام آباد (آن لائن) خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال، دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں کے مسائل اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے وزیراعظم شہباز شر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزرا کی عدم موجودگی پر ارکان کا شدید اعتراض

عامر ڈوگر نے کورم کی نشاندہی کر دی، کورم پورا ہونے تک ڈپٹی اسپیکر نے کارروائی ملتوی کر دی

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزرا کی عدم موجودگی پر ارکان نے شدید اعتراض اٹھاتے ہوئے حکومتی سنجیدگی پر سوالات کھڑے کر دیے، پی ٹی آئی کے رکن ملک عامر ڈوگر کی جانب سے کورم کی نشاندہی کے بعد گنتی کرائی گئی تو کورم پورا نہ نکلا، جس پر ڈپٹی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

ایف سی بلوچستان وفاع وطن کے ساتھ عوامی خدمت میں بھی پیش پیش، ستمبر میں 63 مفت میڈیکل کیمپس کا انعقاد

کوئٹہ (آن لائن) دفاع وطن کے فرائض کی انجام دہی کے ساتھ ساتھ عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی صحت کی سہولیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

میں روس اور یوکرین کے درمیان جنگ میں امن معاہدے کیلئے مذاکرات کر رہا ہوں: ٹرمپ کا دعویٰ

روسی برآمدات سے متعلق پابندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ روس کو مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی کوشش ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں امن کیلئے مذاکرات کر رہا ہوں، روسی برآمدات سے متعلق پا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

ہماری افواج دشمن کو ہر محاذ پر دندان شکن جواب دے رہی ہیں، مینا مجید بلوچ

سیکیورٹی فورسز اور عوام کا مشترکہ عزم اور جدوجہد بلا تاخیر جاری رہے گی، صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے قلات اور گوادر میں سیکورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کو سراہتے ہوئے چار بین الاقوا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

بریڈن میک کولم پاکستان کی مہمان نوازی، کرکٹ کنڈیشنز کے معترف

راولپنڈی (آن لائن) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ بریڈن میک کولم نے پاکستان کی مہمان نوازی، خوشگوار ماحول اور کرکٹ کنڈیشنز کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

بلوچستان میں صنعتی ترقی کی سست رفتار، سرحدی تجارت میں مشکلات، قومی شاہراہوں پر امن و امان کی خراب صورتحال پر تشویش کا اظہار

بلوچستان کے نوجوانوں کو یوتھ حب کے ذریعے کاروباری مواقع فراہم کریں گے، رانا مشہود

حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے پرعزم ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین اور وزیراعظم کے مشیر رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت (اے آئی)، جدید ٹیکنالوجی، فنی تربیت اور کاروباری معاونت کے ذریعے آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرے گی جبکہ ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے تعاون سے چھوٹے کاروبار اور نئے اسٹارٹ اپس کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جائیں گے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

جان محمد حسنی کا جیل نور بس اڈے میں مختلف کوچز کے ٹرمینلز کا دورہ

ٹرانسپورٹرز کی جانب سے مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ٹرانسپورٹ حکومت بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (PTA) عبدالمجید جوگیزئی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ پی ٹی اے جان محمد حسنی نے جیل نور بس اڈے میں مختلف کوچز کے ٹرمینلز کا دورہ کیا اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ٹرمینلز میں موجود گاڑیوں کی حالت، صفائی ستھرائی، باتھ رومز، مردوں اور خواتین کے لیے علیحدہ انتظار گاہوں اور بکنگ دفاتر سمیت دیگر انتظامات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ٹرمینلز میں مسافروں کی سہولت اور انہیں بہتر سفری ماحول فراہم کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف اٹھا لیا

اسلام آباد (آن لائن) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف اٹھا لیا۔ وفاقی آئینی عدالت میں تقریب حلف برداری ہوئی، جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس کا حلف اٹھا لیا، جسٹس عامر فاروق نے قائم مقام چیف جسٹس سے حلف لیا۔ تقریب میں ججز، عدالتی افسران واسٹا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

نوشکی شہر میں دو دھماکوں اور فائرنگ کے آوازیں سنی گئیں، عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا

نوشکی (آن لائن) نوشکی شہر میں دو دھماکوں اور فائرنگ کے آوازیں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

بلوچستان ہائی کورٹ کی ملازمتوں میں معذوری کوٹے اور دیگر قانونی مراعات پر عملدرآمد کیلئے جامع رپورٹ طلب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائیکورٹ نے معذور افراد کے حقوق کے تحفظ، مالی و تعلیمی معاونت، صحت کی سہولیات، ملازمتوں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں ڈچ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی سرگرمیوں میں اضافے اور عالمی منڈیوں تک رسائی کو وسعت دینے کے لیے اہم پیش رفت سامنے آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

اسلام اقلیتوں کے حقوق کا پاسبان ہے انسانیت کا رشتہ ہر رشتے سے بلند ہے، رکن بلوچستان اسمبلی کا خطاب

اسلامی نظام قائم ہوگی تو سب کو حقوق احترام میسر ہوگا، مولانا ہدایت الرحمٰن

تعصب، نفرت اور فرقہ واریت کے بجائے محبت، رواداری اور اخلاص کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن اقلیتوں سمیت معاشرے کے تمام غریب، مستحق اور ضرورت مند افراد کی بلا امتیاز خدمت کر رہے ہیں۔ ہم غم سمیٹنے اور خوشیاں بانٹنے والے لوگ ہیں۔ ہماری جدوجہد کا مقصد انسانیت کی خدمت، محروم طبقات کی مدد اور معاشرے میں محبت، اخوت، امن اور بھائی چارے کو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم کا قلات اور گوادر میں کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

شہریوں کے تحفظ کیلئے دہشت گردی کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم نے بلوچستان کے اضلاع قلات اور گوادر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں کے دوران چار دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں جام شہادت نوش کرنے والے 34 سالہ میجر وجاہت وحید کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جان قربان کرنے والے بہادر سپوت پوری قوم کا فخر ہیں۔ وزیراعظم (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

کے پی میں ایمرجنسی کا مقصد دہشت گردی کا خاتمہ ہے، طارق فضل چودھری

عوام کی نقل مکانی نہیں ہوگی، صوبے میں حکومتی عملداری بحال اور ترقی کا نیا دور شروع کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا بنیادی مقصد دہشت گردی کا خاتمہ اور صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانا ہے۔ پہلے مرحلے میں دہشت گردی سے شدید متاثرہ 12 اضلاع میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، جبکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں بھی مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں تعمیر و ترقی کے لیے ایک جامع اور مربوط پروگرام تر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں ویکل ایکسائز اور رجسٹریشن سسٹم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان عوامی پارٹی کی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کا اپوزیشن کے شور شرابے پر احتجاج

شور شرابے کی وجہ سے سر میں درد شروع ہو جاتا ہے، وزراء سے یہ معاملہ اٹھانے کا مطالبہ کر دیا

اس شور شرابے کی وجہ سے سر میں درد شروع ہو جاتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں بلوچستان عوامی پارٹی سے تعلق رکھنے والی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اپوزیشن کے شور شرابے پر احتجاج کرتے ہوئے قواعد کا مطالبہ کرنے کا مشورہ دیدیا۔ پیر کو سینیٹ کے اجلاس میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ارکان کی تقاریر کے دوران ہونے والے شور شرابے کا معاملہ اٹھا کر شدید احتجاج کیا۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے سینیٹ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

علاقائی چیلنجز کے حل کیلئے بات چیت اور سفارتکاری ناگزیر ہے، اسحاق ڈار

اسحاق ڈار اور عباس عراقچی کا ٹیلیفونک رابطہ، خطے کی بدلتی صورتحال اور سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال

او آئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس پر بھی گفتگو، دونوں رہنماؤں کا قریبی رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفونک گفتگو کی، جس میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور علاقائی چیلنجز سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے موجودہ علاقائی حالات کے تناظر میں باہمی مشاورت اور سفارتی روابط کی اہمیت پر گفتگو کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ٹیلیفونک رابطے کے دورا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

سعودی عرب کے نئے سفیر ڈاکٹر راجح طامی البقامی کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

مدت تعیناتی پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہوگی

باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال، 'مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ' کے تحت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار

راولپنڈی (آن لائن) سعودی عرب کے پاکستان میں نو تعینات شدہ سفیر ڈاکٹر راجح طامی البقامی نے راولپنڈی میں جنرل ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی، ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران 'مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ' کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفونک گفتگو کی، جس میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور علاقائی چیلنجز سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے موجودہ علاقائی حالات کے تناظر میں باہمی مشاورت اور سفارتی روابط کی اہمیت پر گفتگو کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ٹیلیفونک رابطے کے دوران اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی معاملات اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے علاقائی چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پیچیدہ علاقائی مسائل کے حل اور کشیدگی میں کمی کے لیے سفارتی کوششیں اور مسلسل رابطے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق گفتگو کے دوران دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال اور باہمی مشاورت کے لیے قریبی رابطے برقرار رکھے جائیں گے۔ دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان یہ رابطہ خطے میں پیش رفت پر تبادلہ خیال اور سفارتی روابط جاری رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے

بقیہ 01

لوجی، موثر تربیت، شفافیت اور جوابدہی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ وزیراعظم نے ٹیکس وصولی کے شعبوں میں فیس لیس نظام کے نفاذ کو تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر افسران کی ذمہ داری ہے کہ وہ قوم کی توقعات کے مطابق اپنی کارکردگی بہتر کریں، جاری اصلاحات ریاست کے وسیع تر مفاد میں ہیں، ان کا عمل ہر صورت جاری رہے گا۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ ایف بی آر میں بدعنوان عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، اپنے رویے اور کارکردگی میں بہتری لانے والے افسران اور عملے کو اصلاح کا موقع دیا جائے، جبکہ بدعنوانی اور ناقص کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھنے والوں کے لیے ادارے میں کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ اجلاس کو ایف بی آر میں جاری اصلاحات کی تازہ ترین پیشرفت اور اب تک کی نتائج سے آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو ایف بی آر میں ٹیکنالوجی، نظام کار اور افرادی قوت کے شعبوں میں جاری اصلاحات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ گزشتہ تین سال کے دوران اصلاحات کے نتیجے میں ٹیکس گیپ کا تخمینہ جی ڈی پی کے 6 فیصد سے کم ہو کر 5 فیصد رہ گیا ہے۔ ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے ایف بی آر افسران کے صوابدیدی اختیارات میں خاطر خواہ کمی آئی ہے۔ ایف بی آر کے نئے افسران کو LUMS میں تربیت دی جا رہی ہے، جبکہ پہلے سے خدمات انجام دینے والے افسران کے لیے دوران ملازمت تربیتی پروگرام بھی جاری ہیں، افسران کی کارکردگی جانچنے کے لیے پیئر ریٹنگ سسٹم (Peer Rating System) نافذ کر دیا گیا ہے، ایف بی آر کی آڈٹ کی استعداد کار میں اضافے کے لیے 957 آڈیٹرز کو تھرڈ پارٹی آڈیٹرز کے طور پر میرٹ کی بنیاد پر کنٹریکٹ پر تعینات کیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تھرڈ پارٹی آڈیٹرز کی تعیناتی سے ایف بی آر کی آڈٹ کی استعداد کار میں چار گنا اضافہ ہوا ہے، ایف بی آر کی وسیع پیمانے پر تکنیکی بنیادوں پر تنظیم نو جاری ہے، مہارت یافتہ تکنیکی افرادی قوت کی بھرتی اور کارکردگی سے منسلک مراعات کا نظام متعارف کرایا جا چکا ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، اٹارنی جنرل منصور اعوان اور اعلیٰ سرکاری افسران شریک ہوئے۔

بقیہ 02

جس میں مجموعی طور پر کوئٹہ کے 720 سے زائد نوجوانوں کو فنی و پیشہ ورانہ تربیت دی جائے گی اور پہلے مرحلے میں 240 سے زائد طالبات تربیتی عمل کا حصہ بن گئیں۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر میری خصوصی کاوشوں سے کوئٹہ میں نوجوانوں کو فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنے کے پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت کوئٹہ میں نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے، جس کا مقصد انہیں ہنرمند بنا کر روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا اور معاشی طور پر خودمختار بنانا ہے۔ تربیتی پروگرام کے تحت کوئٹہ میں 240 سے زائد طالبات فنی تربیت حاصل کر رہی ہیں، جو بیوٹیشن اور ہینڈ ایمبرائیڈری سمیت مختلف شعبوں میں عملی مہارتیں سیکھ رہی ہیں۔ اس تربیت کے ذریعے طالبات کو اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے، ہنر کو عملی طور پر سیکھنے اور مستقبل میں باعزت روزگار حاصل کرنے کے قابل بنایا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت کوئٹہ میں مجموعی طور پر 720 سے زائد نوجوانوں کو فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے، جس میں نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھا کر ان کے لیے روزگار اور خود روزگاری کے مواقع پیدا کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ حکومت بلوچستان کا یہ اقدام نوجوانوں، بالخصوص طالبات کو بااختیار بنانے، فنی تعلیم کے فروغ اور انہیں معاشی طور پر مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 03

پنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ قوم ان کی قربانی پر فخر کرتی ہے۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ شہدا کا خون رائیگاں نہیں جائیگا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ اس کے مکمل خاتمے تک جاری رہیگی۔ گورنر جعفر خان نے سوگوار خاندان سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو ہمت اور صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

بقیہ 04

اور گاڑیوں کے کاغذات و دستاویزات سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایکسائز افسران نے آن لائن ٹیکس ادائیگی کے طریقہ کار اور جدید ڈیجیٹل سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ بریفنگ میں گاڑیوں کی رجسٹریشن، ملکیت کی تصدیق، ضروری دستاویزات اور متعلقہ قانونی تقاضوں سے متعلق معلومات بھی فراہم کی گئیں۔ افسران نے منشیات کی روک تھام کے لیے محکمہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات اور اس سلسلے میں آگاہی و موثر نگرانی کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ دورے کے دوران معزز مہمانوں کو محکمہ کی خدمات اور عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، آن لائن خدمات کے فروغ اور عوامی آگاہی کے حوالے سے مختلف امور بھی پیش کیے گئے۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن عوام کو ٹیکس ادائیگی، گاڑیوں کی دستاویزات اور دیگر متعلقہ خدمات کے بارے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈیجیٹل نظام اور آگاہی اقدامات کو اہمیت دیتا ہے۔

بقیہ 05

سطح اور دو ٹوک ہے۔ مشرق وسطیٰ میں جاری فوجی تنازع کو مزید پھیلانے کے بجائے مذاکرات کے ذریعے قابل قبول حل تک پہنچنا ناگزیر ہے، کیونکہ کشیدگی میں اضافے سے کسی ملک کو فائدہ نہیں ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے انڈیپنڈنٹ عربیہ کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ اس حوالے سے پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آ چکا ہے، جس میں سعودی عرب کی خودمختاری اور مقدس مقامات کے تحفظ کے حوالے سے پاکستان کے واضح عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ مقدس مقامات کی سلامتی ایک ایسا معاملہ ہے جس پر پاکستان کا موقف غیر مبہم ہے۔ سعودی عرب کی علاقائی سالمیت اور حرمین شریفین کے تحفظ کو یقینی بنانا پاکستان کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، جبکہ اس حساس معاملے پر پاکستانی عوام اور قیادت کے جذبات بھی واضح ہیں۔ مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ تنازعات کو کسی بھی سطح پر بڑھانا کسی کے مفاد میں نہیں۔ خطے میں فوجی کشیدگی میں اضافے کے بجائے مذاکرات اور سفارتی کوششوں کو موقع دینا چاہیے تاکہ کسی ایسے تصادم سے بچا جا سکے جس کے اثرات پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے ذریعے حل تلاش کرنے میں ناکامی اور فوجی تصادم کی صورت میں کہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس یقیناً حرکت میں آئے گا۔ جبکہ الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہے اور اس اتحاد کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی اتحاد کا مقصد خطے میں کشیدگی کو ہوا دینا نہیں بلکہ امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں دانشمندی کا تقاضا ہے کہ تمام متعلقہ فریق تحمل کا مظاہرہ کریں اور تنازعات کو مزید پیچیدہ بنانے سے گریز کریں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اپنی عوام اور پورے خطے کے لیے امن، استحکام اور خوشحالی پر یقین رکھتے ہیں۔ ان ممالک کے درمیان تعاون کا بنیادی مقصد علاقائی سلامتی کو مضبوط بنانا اور ایسے حالات پیدا کرنا ہے جن میں تنازعات کے بجائے ترقی اور باہمی تعاون کو فروغ ملے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اتحاد کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں بلکہ اس کا بنیادی مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ اتحاد کے مقاصد کو جارحانہ عزائم کے تناظر میں دیکھنے کے بجائے علاقائی امن اور مشترکہ سلامتی کے حوالے سے سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مسلم دنیا میں اتحاد و یکجہتی کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کو آپس میں لڑنے کے بجائے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ تنازعات کو مزید بڑھانے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا، اس لیے باہمی اختلافات کے حل کے لیے مکالمے، سفارت کاری اور مشترکہ کوششوں کو ترجیح دینی چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کا خواہاں ہے اور کشیدگی میں اضافے کے بجائے مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کرنے کی حمایت کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا خطے میں کسی بھی فوجی تنازع کا پھیلاؤ نہ صرف متعلقہ ممالک بلکہ پورے خطے کی سلامتی، معیشت اور مستقبل کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ تمام فریق ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جو حالات کو مزید خراب کر سکتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے اپنے موقف میں اس امر پر زور دیا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور حرمین شریفین کے تحفظ کو بنیادی اہمیت دیتا ہے، جبکہ علاقائی امن کے لیے مسلم ممالک کے درمیان اتحاد، تعاون اور سفارتی رابطوں کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 06

سوالات کے دوران تحریری جواب میں پیش کی گئیں۔ وزارت خارجہ کے تحریری جواب کے مطابق بیرون ملک قید پاکستانی شہری مختلف نوعیت کے مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں، جن میں دھوکہ دہی، منشیات کی اسمگلنگ، جنسی حملے، جعلی ویزوں اور دستاویزات کا استعمال، قتل اور دیگر جرائم شامل ہیں۔ تحریری جواب میں مختلف ممالک کی جیلوں میں قید پاکستانیوں کی مجموعی تعداد 21 ہزار 647 بتائی گئی ہے، جبکہ متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب میں پاکستانی قیدیوں کی تعداد دیگر ممالک کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ قومی اسمبلی میں پیش کی گئی ان تفصیلات کے مطابق بیرون ملک قید پاکستانی شہریوں کے معاملات مختلف ممالک کے قوانین اور عدالتی کارروائیوں سے متعلق ہیں۔

بقیہ 07

ک ہو گیا، نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 08

عظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت لائیو سٹاک کے شعبے میں جاری اصلاحات کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کی ہدایت کی۔ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ پاکستان میں مویشیوں کی افزائش، دودھ اور گوشت کی پیداوار میں اضافے اور لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کے لیے 2007 میں قائم کیا گیا تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ میں نجی شعبے کے ماہرین کو شامل کر کے اسے ایک موثر اور فعال ادارے میں تبدیل کیا جائے۔ وزیراعظم نے لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کا پلان جلد از جلد پیش کرنے اور لائیو سٹاک کے لیے خصوصی بونڈڈ ویئر ہاؤسز میں لائے گئے درآمد شدہ مویشیوں کو ویلیو ایڈیشن کے عمل میں لانے کی ہدایت کی اور کہا کہ درآمد شدہ مویشیوں سے بذریعہ ویلیو ایڈیشن گوشت اور دودھ کی مصنوعات (Meat and Dairy Products) برآمد کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی کے لیے نجی شعبے کو آگے بڑھنا چاہیے، وفاقی حکومت، مویشیوں کے لیے جدید اور موثر ویکسین کی پیداوار کا قومی سطح کا پلانٹ اپنے وسائل سے قائم کرے گی۔ وزیراعظم نے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر میں مویشیوں کی ویکسین کا پلانٹ قائم کرنے کے حوالے سے حکمت عملی ایک ہفتے کے اندر پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وزیراعظم کو لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات اور اس شعبے سے منسلک برآمدات میں اضافے کے لیے اقدامات کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ مذبح خانوں کے تھرڈ پارٹی آڈٹ کا عمل شروع ہو چکا ہے، پاکستان میں مویشیوں کے لیے دستیاب ویکسین DRAP سے منظور شدہ نہیں اس لئے ملک میں مویشیوں کے لیے بیوالائزڈ ویکسین کی پیداوار کے حوالے سے اقدامات لیے جا رہے ہیں، درآمد کئے جانے والے مویشیوں کے لیے خصوصی بونڈڈ ویئر ہاؤسز کے قیام کے حوالے سے اقدامات لیے جا رہے ہیں، اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، احسن اقبال، اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، جام کمال خان، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ 09

ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ چمن قومی شاہراہ پر میزئی اڈہ کے قریب صدر تھانے پر نامعلوم دہشت گردوں نے حملہ کر دیا فائرنگ کے نتیجے میں جیلانی خان موقع پر جاں بحق جبکہ پولیس اہلکار میر والس خان زخمی ہو گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا زخمی اہلکار اور نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 10

یٹر اسلام آباد محترمہ زارا، سی پیک کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر شہزاد، وزارت غذائی تحفظ و تحقیق کے ڈاکٹر شبلیٰ، ڈی جی گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز کے سابق سیکریٹری خلیل احمد اور سابق نائب صدر واجد سلیم سمیت دیگر حکام اور معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران شرکاء کو منصوبے کے بارے میں بریفنگ دی گئی، مہمان خصوصی صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے افتتاحی فیتہ کاٹا اور مہمانان کے ہمراہ فارم کی مختلف سہولیات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بطور مہمان خصوصی صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں اور نجی شعبے کے تعاون سے صوبے کے قدرتی وسائل اور معاشی استعداد سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ لائیو سٹاک، گوشت کی پروسیسنگ، صنعت اور تجارت کے شعبوں میں سرمایہ کاری سے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور صوبے کی معیشت کو مضبوط بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمن خان ملاخیل نے مزید کہا کہ گوادر پاکستان کے لیے غیر معمولی جغرافیائی اور معاشی اہمیت رکھتا ہے۔ گوادر فری زون اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سے وابستہ تجارتی و صنعتی سرگرمیاں بلوچستان کے لیے ترقی کے نئے امکانات پیدا کر رہی ہیں۔ ایسے منصوبوں کے ذریعے مقامی وسائل کو کاروباری سرگرمیوں سے منسلک کرنے، سرمایہ کاروں کو مواقع فراہم کرنے اور پاکستان کی تجارت کو بین الاقوامی منڈیوں تک وسعت دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ شہزاد اینڈ شاہ فارم پرائیویٹ لمیٹڈ کا قیام بھی اسی تناظر میں اہمیت رکھتا ہے۔ منصوبے کے تحت جانوروں کی افزائش اور گوشت کی پروسیسنگ کے بعد اسے بیرون ملک برآمد کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس سے لائیو اسٹاک کے شعبے میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے، مقامی پیداوار کی معاشی قدر بڑھانے اور متعلقہ شعبوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے امکانات روشن ہوں گے۔ صوبائی مشیر نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے نجی شعبے کی حوصلہ افزائی اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف شعبوں میں موجود امکانات سے فائدہ اٹھا کر صوبے کو معاشی ترقی کے سفر میں آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ گوادر جیسے تجارتی مرکز میں صنعت اور برآمدات سے متعلق منصوبے اس سلسلے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ گوادر فری زون میں اس منصوبے کا آغاز سی پیک کے وسیع تر معاشی تناظر میں بھی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ صنعتی پیداوار، پروسیسنگ اور برآمدات کو بندرگاہی سہولیات سے منسلک کرنے سے علاقائی تجارت کے فروغ کے امکانات پیدا ہوتے ہیں۔ بالخصوص لائیو اسٹاک اور گوشت کی پروسیسنگ کے شعبے میں سرمایہ کاری بلوچستان کی معیشت میں تنوع پیدا کرنے اور مقامی کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء میں شیلڈ تقسیم کی گئیں اور مہمانوں کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام بھی کیا گیا۔

بقیہ 11

رگزار پہاڑی علاقے دگنان میں دہشت گردوں کی موجودگی اور ان کے ٹھکانوں سے متعلق اطلاعات پر کارروائیاں کی گئیں۔ ضلع قلات کے علاقے جاتک آباد میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں چار دہشت گرد ہلاک ہو گئے، جبکہ کارروائی کے دوران اسلحہ اور گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ بھی برآمد کیا گیا۔ دوسری جانب ضلع چاغی کے دشوار گزار اور سنگلاخ پہاڑی علاقے دگنان میں سیکیورٹی فورسز نے ایک منظم آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور غاروں تک رسائی حاصل کی۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد تین دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، جبکہ متعدد ٹھکانے اور پناہ گاہیں تباہ کر دی گئیں۔ اس کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ضلع گوادر کی تحصیل پسنی کے علاقے شادی کور میں سیکیورٹی فورسز کے کلیئرنس آپریشنز کے دوران میجر وجاہت وحید ایک دیسی ساختہ بم کی زد میں آ کر شہید ہو گئے۔ علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے سرچ اور کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانے مقامی آبادی کے لیے خطرہ بنے ہوئے تھے، اس لیے علاقے کو دہشت گردوں سے پاک کرنے اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف عزم کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ عزم استحکام کے وژن کے تحت دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری شدت سے جاری رکھی جائیں گی۔ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمے، امن کے قیام اور ریاستی رٹ برقرار رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جاتے رہیں گے۔

بقیہ 12

می و علاقائی امور اور صوبہ بلوچستان سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران قومی معاملات پر مشاورت، پارلیمانی روابط کے فروغ، عوامی مسائل کے حل اور ملک کی ترقی سے متعلق مختلف پہلوؤں پر گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ قومی اور علاقائی مسائل کے حل کے لیے بامقصد مکالمہ، باہمی تعاون اور جمہوری اداروں کے ذریعے مشاورت اہمیت کی حامل ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات کرنے والوں میں سینیٹر ندیم بھٹو بھی شامل تھے انہوں نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے ساتھ موجودہ ملکی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ پارلیمان عوامی امنگوں کی ترجمان اور قومی معاملات پر مشاورت کا ایک اہم فورم ہے۔ پارلیمانی کمیٹیاں متعلقہ شعبوں کے مسائل کا جائزہ لینے، سفارشات مرتب کرنے اور حکومتی اقدامات کی نگرانی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کوئٹہ کے سابق ڈپٹی میئر یونس خان نے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر بلوچستان کی مجموعی صورتحال، مقامی سطح پر عوام کو درپیش مسائل، ترقیاتی ضروریات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیدال خان ناصر نے بلوچستان کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی مواقع میں اضافہ اور مقامی سطح پر مسائل کی موثر نشاندہی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ منتخب نمائندوں، سیاسی رہنماؤں اور مقامی شخصیات کے ساتھ رابطے عوامی ضروریات کو سمجھنے اور ان کے حل کے لیے موثر تجاویز مرتب کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ سیکریٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس نور الامین مینگل نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے ساتھ ملاقات میں انہیں ہاؤسنگ کے شعبے کے مختلف منصوبوں کے بارے میں تفصیلی آگاہ کیا۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ ان منصوبوں کی جلد تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے دانشوروں، محققین اور تاجر برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، پالیسی سازی میں تحقیق کے کردار، کاروباری شعبے کو درپیش مسائل اور معاشی ترقی کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے دانشوروں اور محققین کے کردار کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ تحقیق، علم اور فکری مکالمہ بہتر پالیسی سازی اور معاشرتی ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے تاجر برادری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں کا فروغ، سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول اور معاشی مواقع کی فراہمی قومی ترقی کے اہم تقاضے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ رابطے جمہوری عمل کا اہم حصہ ہیں۔ ایسے روابط سے عوامی مسائل کو بہتر طور پر سمجھنے، قابل عمل تجاویز حاصل کرنے اور قومی ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی و علاقائی امور، عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی ترجیحات کے حوالے سے مشاورت اور رابطوں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے تاکہ عوامی مسائل کے حل اور قومی ترقی کے مقاصد کے حصول کے لیے مشترکہ کاوشوں کو فروغ دیا جا سکے۔ اس موقع پر ڈاکٹر زلاور حسین نے ایوان بالا اور علاقائی نمائندگی پر کی گئی تحقیق کے بارے میں آگاہ کیا اور انہیں اپنی کتاب بھی پیش کی۔

بقیہ 13

یف کا رواں ہفتے پشاور کا دورہ متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعظم کو دورے کی دعوت دی ہے، جس کے دوران صوبے کی مجموعی صورتحال اور سیکیورٹی چیلنجز پر اہم مشاورت کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کا یہ پشاور کا پہلا دورہ ہوگا۔ وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سمیت وفاقی کابینہ کے سینئر وزراء بھی ہوں گے۔ دورے کے دوران گورنر ہاؤس پشاور میں وزیراعظم کو صوبے کی امن و امان کی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف اقدامات اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کو دہشت گردی سے متاثرہ خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں سیکیورٹی صورتحال، درپیش مسائل اور جاری اقدامات کے حوالے سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف اپنے دورے کے دوران مشیران اور قبائلی عمائدین سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جن میں امن و استحکام کے قیام، عوامی مسائل کے حل اور متاثرہ علاقوں کی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق اس دورے کا مقصد صوبے کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینا، متعلقہ حکام سے مشاورت کرنا اور امن و امان سمیت ترقیاتی امور پر پیش رفت کا جائزہ لینا ہے۔ تاہم دورے کے حتمی شیڈول اور ملاقاتوں کی تفصیلات باضابطہ اعلان کے بعد واضح ہوں گی۔

بقیہ 14

ی اسمبلی میں پیش کردہ تفصیلات کے مطابق ایک سال کے دوران بجلی کے شعبے کے گردشی قرضے میں 34 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ پاور ڈویژن کے تحریری جواب کے مطابق 30 جون 2026 تک بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ 1675 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا، جبکہ 30 جون 2025 کو یہ 1641 ارب روپے تھا۔ حکام کے مطابق گردشی قرضے میں اضافے کی ایک وجہ نیشنل گرڈ سے کے الیکٹرک کو فراہم کی جانے والی بجلی کے واجبات کی عدم ادائیگی ہے۔ کے الیکٹرک سے واجبات کی وصولی کے لیے معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔ پاور ڈویژن کے مطابق حکومت نے گردشی قرضوں میں کمی لانے کے لیے انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کے ساتھ ٹیک اینڈ پے معاہدے ختم کر کے ہائبرڈ ٹیک اینڈ پے ماڈل نافذ کیا ہے۔ قومی اسمبلی میں پیش کردہ تفصیلات میں انکشاف کیا گیا کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے 15 دیہات میں تاحال بجلی فراہم نہیں کی جا سکی۔ پاور ڈویژن کے مطابق مالی سال 27-2026 کے دوران ان دیہات کو بجلی فراہم کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے، تاہم منصوبے کی تکمیل فنڈز کے اجرا اور ضروری سامان کی فراہمی سے مشروط ہے۔

بقیہ 15

سپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اجلاس کی کارروائی کورم پورا ہونے تک ملتوی کر دی۔ ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی صدارت میں قومی اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ نے وزرا کی عدم موجودگی پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ قوم کا پیسہ کیوں ضائع کیا جائے، کوئی وزیر اس معاملے کو سنجیدگی سے نہیں لے رہا، عوام ہم سے سوال کرتے ہیں کہ آپ ایوان میں کیا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کے رکن ملک عامر ڈوگر نے کہا کہ آہستہ آہستہ ان کا ضمیر جاگ رہا ہے اور انہوں نے ہماری ترجمانی کی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ایوان میں نہ وفاقی وزیر موجود ہیں اور نہ ہی وزیر مملکت، ایسے ایوان نہیں چل سکتا، لہٰذا وہ کورم کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ملک عامر ڈوگر کی جانب سے کورم کی نشاندہی کے بعد پی ٹی آئی ارکان نے اجلاس سے واک آؤٹ کیا۔ بعد ازاں گنتی کرانے پر کورم پورا نہ ہونے کی تصدیق ہوئی، جس کے بعد اجلاس کی کارروائی کورم پورا ہونے تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 16

ت کی فراہمی کے لیے ایف سی بلوچستان کی جانب سے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ستمبر کے دوران صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں 63 مفت میڈیکل کیمپس منعقد کیے گئے، جن سے مجموعی طور پر 8,150 مریض مستفید ہوئے۔ ایف سی بلوچستان کے زیر اہتمام یہ مفت طبی کیمپس قلعہ سیف اللہ، ژوب، بادینی، شیرانی، مرغہ فقیرزئی، پشین اور صوبے کے دیگر علاقوں میں لگائے گئے، جہاں مقامی آبادی کو مفت طبی معائنے، علاج معالجے اور ادویات کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ ان میڈیکل کیمپس کا مقصد دور افتادہ علاقوں میں رہنے والے افراد کو صحت کی بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا اور علاج معالجے تک ان کی رسائی آسان بنانا ہے۔ کیمپس کے دوران بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کی صحت پر خصوصی توجہ دی گئی، جبکہ عوام کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور صحت مند طرز زندگی سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ بلوچستان کے دشوار گزار اور پسماندہ علاقوں میں ان طبی سہولیات کی فراہمی عوامی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم اقدام ہے، جہاں جغرافیائی مشکلات کے باعث صحت کی سہولیات تک رسائی ایک بڑا چیلنج بن سکتی ہے۔ ایف سی بلوچستان کی جانب سے مفت میڈیکل کیمپس کا انعقاد اس عزم کا اظہار ہے کہ دفاع وطن کے ساتھ ساتھ عوام کی خدمت، صحت کی سہولیات کی فراہمی اور مقامی آبادی کی فلاح و بہبود بھی ترجیحات میں شامل ہیں۔ صوبے کے مختلف علاقوں میں ایسے اقدامات کے ذریعے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ 17

گے۔ دوسری جانب صدر ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان احمد گل کاکڑ نے بلوچستان میں صنعتی ترقی کی سست رفتار، سرحدی تجارت میں مشکلات، قومی شاہراہوں پر امن و امان کی خراب صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے اتوار کو ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیمبر کے عہدیداران اور ممبران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے مکمل معاونت فراہم کرے گی اور انہیں وزیراعظم یوتھ پروگرام سے استفادہ کرتے ہوئے معاشی طور پر خودمختار بننے کے مواقع دیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف)، بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) اور سمیڈا سمیت مختلف اداروں کو شراکت دار بنایا گیا ہے تاکہ نوجوانوں کو روزگار، کاروبار اور ہنرمندی کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ وزیراعظم یوتھ حب میں اب تک 9 لاکھ نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جبکہ 2 ہزار 400 کمپنیاں بھی اس پروگرام کا حصہ ہیں۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں، بالخصوص بچوں اور بچیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ حکومت چاہتی ہے کہ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے اپنے مستقبل کو روشن بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کے لیے خود انحصاری اور مقامی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ضروری ہے جبکہ چیمبر آف کامرس کے اشتراک سے چھوٹے کاروبار اور نئے اسٹارٹ اپس کے فروغ کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے تاجروں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل وزیراعظم پاکستان اور وفاقی حکومت کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر ان کے حل کے لیے کوششیں کی جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے مختلف مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کی کارکردگی اور پیش رفت کا جائزہ لینے کے ساتھ عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کرنا ضروری ہے۔ وزیراعظم کے مشیر نے مزید کہا کہ نیشنل والنٹیئر کور کے قیام کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے جبکہ بلوچستان میں قدرتی آفات سے نمٹنے اور ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ کے حوالے سے این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے کے ذریعے نوجوانوں کی تربیت اور تیاری کے اقدامات بھی کیے جائیں گے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے مسائل اور تجاویز تحریری شکل میں حکومت کو پیش کریں تاکہ ان کی سفارشات کی روشنی میں موثر اقدامات کیے جا سکیں۔ اس موقع پر صدر ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان احمد گل کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان کی آمد کا خیرمقدم کیا اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت حکومتی اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ 2013 میں شروع کیے گئے اس پروگرام کے ذریعے آسان قرضوں، لیپ ٹاپ اسکیم، فنی و پیشہ ورانہ تربیت، کاروباری معاونت اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں جو نوجوانوں کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان، بالخصوص کوئٹہ، صنعتی ترقی کے حوالے سے ملک کے دیگر بڑے شہروں سے پیچھے ہے۔ صوبے میں بڑے صنعتی یونٹس اور روزگار کے مواقع محدود ہیں جبکہ معیشت کا بڑا حصہ ایران اور افغانستان کے ساتھ سرحدی تجارت پر انحصار کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کی مخدوش صورتحال، قومی شاہراہوں پر عدم تحفظ، تجارتی گاڑیوں پر حملوں اور مختلف بندشوں نے کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم کے مشیر رانا مشہود احمد خان سے درخواست کی کہ بلوچستان کے تاجروں کے مسائل وزیراعظم پاکستان کے سامنے پیش کیے جائیں اور قومی شاہراہوں پر تجارتی گاڑیوں کے تحفظ اور بلوچستان میں صنعتی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے فوری اقدامات کی سفارش کی جائے۔ صدر چیمبر نے تجویز پیش کی کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے اشتراک سے صوبے کے نوجوانوں کے لیے خصوصی فنی تربیت، انٹرن شپ، آسان قرضوں اور روزگار سے منسلک پروگرام شروع کیے جائیں تاکہ نوجوان نہ صرف ملازمت حاصل کر سکیں بلکہ اپنے کاروبار قائم کر کے دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیراعظم کے مشیر بلوچستان کی کاروباری برادری اور نوجوانوں کے مسائل وزیراعظم پاکستان تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے موثر کردار ادا کریں گے۔ تقریب میں چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو عبدالمالک درانی سمیت ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور ممبران بھی موجود تھے۔

بقیہ 18

ف اور لاء افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 19

سسٹنٹ پی ٹی اے جان محمد محسنی نے ٹرانسپورٹرز کی جانب سے مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹرانسپورٹ کے شعبے میں مسافروں کو بہتر خدمات کی فراہمی خوش آئند ہے۔ سہولیات کے معیار میں بہتری سے ٹرانسپورٹرز کے درمیان صحت مند مسابقت کو فروغ ملتا ہے، جس کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچتا ہے۔ انہوں نے تمام ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے ٹرمینلز میں صفائی ستھرائی، معیاری انتظار گاہوں، صاف باتھ رومز، خواتین کے لیے علیحدہ اور مناسب سہولیات اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی کو یقینی بنائیں تاکہ مسافروں کو دوران سفر اور انتظار کے وقت کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسافروں کو محفوظ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنا ٹرانسپورٹرز کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس کے لیے ٹرمینلز میں موجود سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور عوامی ضروریات کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ بلوچستان کی جانب سے ٹرانسپورٹ کے شعبے میں سہولیات کے معیار کو بہتر بنانے اور مسافروں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 20

تحت ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور دفاعی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور اسٹریٹجک ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے سعودی سفیر کو ان کی تعیناتی پر مبارکباد دی اور اس امر کا اظہار کیا کہ ان کی مدت تعیناتی پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ دونوں ممالک کے یہ تعلقات مشترکہ عقیدے، باہمی اعتماد اور اسٹریٹجک شراکت داری پر مبنی ہیں۔

بقیہ 21

قواعد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سینیٹ رولز کے مطابق کسی بھی ممبر کے بولنے میں مداخلت نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ اس شور شرابے کی وجہ سے سر میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے وزرا سے مطالبہ کیا کہ وہ اس معاملے کو اٹھائیں تاکہ ایوان میں ارکان کی تقاریر کے دوران نظم و ضبط برقرار رکھا جا سکے۔

بقیہ 22

ن اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی معاملات اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے علاقائی چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پیچیدہ علاقائی مسائل کے حل اور کشیدگی میں کمی کے لیے سفارتی کوششیں اور مسلسل رابطے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق گفتگو کے دوران دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال اور باہمی مشاورت کے لیے قریبی رابطے برقرار رکھے جائیں گے۔ دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان یہ رابطہ خطے میں پیش رفت پر تبادلہ خیال اور سفارتی روابط جاری رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے

بقیہ 23

تیب دیا جا چکا ہے۔ اس منصوبے کے تحت متاثرہ اضلاع میں صوبائی حکومت کی عملداری مکمل طور پر قائم کی جائے گی اور عوام کو امن و استحکام فراہم کرنے کے ساتھ ترقیاتی عمل کو بھی آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان اضلاع سے عوام کی کسی قسم کی نقل مکانی نہیں ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پہلے بھی جاری تھے، تاہم اب ان میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پورے خیبر پختونخوا میں تعمیر و ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا جائے گا تاکہ صوبے کے عوام کو بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے بعض سیاست دانوں کی جانب سے ایمرجنسی کو معدنیات کے معاملے سے جوڑنے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایسا کرنا قابل مذمت ہے۔ صوبے کی معدنیات خیبر پختونخوا کے عوام کی تھیں، ہیں اور رہیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان تحریک انصاف کے دور میں معدنیات کے حوالے سے جاری کیے گئے ہزاروں لائسنس کی شفاف تحقیقات کی جائیں گی تاکہ حقائق سامنے لائے جا سکیں۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں کو سیاسی اختلافات کی نذر نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی ان اقدامات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی جائے۔ ان کے مطابق خیبر پختونخوا کی حکومت نے کرپشن اور ذاتی مفادات کے علاوہ عوامی فلاح کے لیے کوئی خاطر خواہ کام نہیں کیا۔ وفاقی وزیر نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے انہیں اپوزیشن لیڈر بنایا، تاہم اس وقت اپوزیشن اس معاملے پر تقسیم دکھائی دیتی ہے۔ ان کا دعویٰ تھا کہ اپوزیشن کی اکثریت چاہتی ہے کہ محمود خان اچکزئی اپوزیشن لیڈر نہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نے بھی محمود خان اچکزئی کی کامیابی کو فارم 47 کی کامیابی قرار دیا ہے۔ ان کے بقول محمود خان اچکزئی کو اس معاملے پر پارلیمنٹ میں آ کر وضاحت دینی چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے حوالے سے کہا کہ وہ خیبر پختونخوا کے حالات سے بخوبی واقف ہیں، اس لیے انہیں دہشت گردی کے معاملے پر اپنا موقف واضح کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیا کہ مولانا فضل الرحمن کو دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں حکومت کا ساتھ دینا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن کے لیے مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے ہیں۔ اگر اپوزیشن بامعنی اور بامقصد بات چیت کرنا چاہتی ہے تو وزیراعظم سمیت حکومت کے تمام متعلقہ رہنما اسے خوش آمدید کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن پارلیمنٹ، مذاکراتی کمیٹی یا کسی دوسرے مناسب فورم پر بات چیت کرنا چاہے تو حکومت اس کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک کو درپیش مسائل کے حل، امن و استحکام اور قومی مفاد کے لیے سیاسی قوتوں کو سنجیدہ مکالمے کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔

بقیہ 24

نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز ملک کے امن و استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ قلات اور گوادر میں کامیاب آپریشنز سیکیورٹی فورسز کے عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور وطن دشمن عناصر کے خلاف موثر کارروائیوں کا مظہر ہیں۔ وزیراعظم نے پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں شہید ہونے والے میجر وجاہت وحید کی بہادری اور وطن سے وفاداری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر وجاہت وحید نے ملک کی حفاظت اور سلامتی کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ قوم کو اپنے اس بہادر سپوت پر فخر ہے، جبکہ شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ وزیراعظم نے شہید میجر کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عزم استحکام کے تحت غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کے امن، سلامتی اور خودمختاری کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 25

ی ہے۔ نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیلرٹ کی قیادت میں ڈچ کاروباری وفد نے اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کا دورہ کیا، جہاں وفد کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع، کاروبار میں سہولت کاری اور خصوصی اقتصادی زونز میں موجود امکانات سے آگاہ کیا گیا۔ دورے کے دوران سیکریٹری ایپکس کمیٹی ایس آئی ایف سی ڈاکٹر جہانزیب نے ڈچ وفد کو سرمایہ کاروں کے لیے ون ونڈو سہولت کاری کے نظام اور مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے امکانات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے جاری اقدامات پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ ڈچ کاروباری وفد کو کراچی انڈسٹریل پارک اور بن قاسم انڈسٹریل پارک سمیت خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کیا گیا۔ ان زونز میں سرمایہ کاری کے ذریعے صنعتی پیداوار بڑھانے، کاروباری روابط کو وسعت دینے اور پاکستان کی معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس (جی ایس پی پلس) کے تحت پاکستان اور یورپی منڈیوں کے درمیان تجارت کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور کاروباری اصلاحات سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ شرکاء نے تجارتی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔ اس پیش رفت سے پاکستان اور نیدرلینڈز کے درمیان اقتصادی تعاون اور کاروباری شراکت داری کے نئے امکانات پیدا ہونے کی توقع ہے۔ ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافے سے صنعتی سرگرمیوں کے فروغ، برآمدات میں وسعت اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ایس آئی ایف سی کی جانب سے غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کے اقدامات پاکستان میں سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانے اور ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کی کوششوں کا اہم حصہ ہیں۔

بقیہ 26

فروغ دیتا ہے۔ انسانیت کا رشتہ ہر رشتے سے بلند ہے، مذہب الگ ہو سکتے ہیں لیکن انسانیت، محبت اور احترام کا رشتہ ہم سب کو آپس میں جوڑتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ہندو برادری کے مندر میں دیوالی کے موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کی جانب سے منعقدہ تقریب میں تحائف اور راشن تقسیم کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی سمیت مسلم، عیسائی اور ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے سماجی و سیاسی کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ہندو برادری کے مستحق اور ضرورت مند خاندانوں کے ساتھ خوشیاں بانٹنے کے لیے خصوصی تقریب منعقد کی گئی، جس میں سینکڑوں خاندانوں میں راشن اور تحائف تقسیم کیے گئے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ وطن ہے اور اس کی ترقی، خوشحالی، امن اور استحکام کے لیے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں تعصب، نفرت، لسانیت اور فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت اور مظلوم و محروم طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرنا چاہیے۔ معاشرے میں حقیقی امن اسی وقت قائم ہوگا جب ہر شہری کو بلاامتیاز مذہب و مسلک عزت، تحفظ، انصاف اور بنیادی حقوق حاصل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے اقلیتوں کے حقوق، جان و مال کے تحفظ اور مذہبی آزادی کو خصوصی اہمیت دی ہے۔ ایک اسلامی فلاحی معاشرے میں غیر مسلم شہریوں سمیت ہر فرد کے حقوق کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے۔ بدقسمتی سے آج ملک میں نہ حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی نظام قائم ہے اور نہ ہی ایسا جمہوری نظام جو عام آدمی کو انصاف، تحفظ اور بنیادی سہولیات فراہم کر سکے۔ جماعت اسلامی ایسے صالح، پرامن، منصفانہ اور جمہوری معاشرے کے قیام کے لیے جدوجہد کر رہی ہے جہاں کسی کے ساتھ مذہب، زبان یا عقیدے کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہ ہو۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان نے مزید کہا کہ غربت، مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے معاشرے کے کمزور طبقات کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ ایسے حالات میں صاحب استطاعت افراد، مخیر حضرات اور فلاحی اداروں کو چاہیے کہ وہ ضرورت مند خاندانوں کا سہارا بنیں۔ خدمت خلق محض مالی امداد کا نام نہیں بلکہ یہ انسانوں کے دکھ درد میں شریک ہونے، ان کی عزت نفس کا خیال رکھنے اور انہیں یہ احساس دلانے کا نام ہے کہ وہ معاشرے میں تنہا نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن رنگ، نسل، زبان اور مذہب کی تفریق کے بغیر دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا مشن سمجھتی ہے۔ خوشیاں بانٹنے سے بڑھتی ہیں اور خدمت سے دل جڑتے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ معاشرے میں محبت، برداشت، رواداری اور باہمی احترام کی فضا قائم ہو، تاکہ تمام شہری مل کر ملک کو امن و ترقی کی راہ پر گامزن کر سکیں۔ ہمیں غاصبوں، لٹیروں، بدعنوانی، بدامنی اور لاقانونیت کے خلاف متحد ہو کر اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کرنا ہوگی۔ تقریب کے اختتام پر ہندو برادری کے سینکڑوں غریب اور مستحق خاندانوں میں راشن اور تحائف تقسیم کیے گئے۔ ہندو برادری کے نمائندوں اور شرکاء نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ایسے اقدامات مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے درمیان محبت، اعتماد، بھائی چارے اور ہم آہنگی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 27

ئی گئیں، عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا، فائرنگ اور دھماکوں کے خوف سے شہر میں دکانیں بند ہو گئیں اور بازار میں بھگدڑ مچ گئی دیکھتے ہی دیکھتے پورا بازار بند ہونا شروع ہو گیا، پولیس کے مطابق فائرنگ واقعات سے تاہم کوئی جانی و مالی نقصانات کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی جبکہ دوسری جانب سیکورٹی فورسز نے فائرنگ واقعہ کے بعد شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر سیکورٹی سخت کر دی ہے، حیصار تالے میں مغربی بائی پاس پر سیکورٹی بڑھا دی گئی اطلاعات کے مطابق سیکورٹی فورسز کلی غریب آباد، کلی فقیران اور کلی محمد حسنی اور حیصار تالے سے متعدد افراد کو حراست میں لیا، شام کو دوبارہ بازار میں دکانیں جزوی طور پر کھل رہی ہیں۔

بقیہ 28

میں معذوری کوٹے اور دیگر قانونی مراعات پر عملدرآمد کے لیے متعلقہ حکام سے جامع رپورٹ طلب کر لی ہے۔ عدالت نے بلوچستان پرسنز ود ڈس ایبلٹیز سپورٹ فنڈ (کمک) کی پالیسی اور فنڈز کی تقسیم کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ معذور افراد ایکٹ 2007 کی دفعات کو مدنظر رکھتے ہوئے قابل عمل تجاویز پیش کی جائیں۔

بقیہ 29

کستان آ کر ہمیشہ خوشی محسوس ہوتی ہے، یہاں بہترین کرکٹ کھیلنے کا موقع ملتا ہے، پاکستان کے خلاف کامیابی کے لیے انگلینڈ کو جارحانہ حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ راولپنڈی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے برینڈن میک کولم نے کہا کہ وہ گزشتہ چند برسوں کے دوران متعدد بار پاکستان کا دورہ کر چکے ہیں اور یہاں کے لوگ انتہائی مہمان نواز ہیں، جبکہ ماحول بھی شاندار ہے۔ انگلش ہیڈ کوچ کا کہنا تھا کہ پاکستان کے خلاف اس کی ہوم کنڈیشنز میں کھیلنا آسان نہیں، کیونکہ پاکستان ایک مضبوط ٹیم ہے اور اسے ہوم گراؤنڈ کا فائدہ بھی حاصل ہے۔ پاکستان کے خلاف کامیابی کے لیے انگلینڈ کو جارحانہ حکمت عملی اپنانا ہوگی اور میچ کی بدلتی صورتحال کے مطابق خود کو ایڈجسٹ کرنا پڑے گا۔ برینڈن میک کولم نے کہا کہ پاکستان اور سری لنکا دونوں مضبوط ٹیمیں ہیں، اس لیے ٹرائی نیشن سیریز میں ہر میچ کے دوران حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکمت عملی میں تبدیلی کرنا ضروری ہوگا۔ سری لنکا کے خلاف بھی اس کی اپنی کنڈیشنز میں کھیلنا آسان نہیں ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بیرون ملک سیریز جیتنا ہمیشہ مشکل ہوتا ہے، تاہم پروفیشنل کرکٹرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر قسم کے حالات میں بہترین کھیل پیش کریں اور کامیابی حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کریں۔

بقیہ 30

می اسپانسرڈ خوارج کی ہلاکت پر فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی شدید تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں اور غیر ملکی آقاؤں کی شہ پر انارکی پھیلانے والوں کا گھیرا تنگ ہو چکا ہے اور ہماری افواج دشمن کو ہر محاذ پر دندان شکن جواب دے رہی ہیں۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شادی کور پسنی میں آئی ای ڈی دھماکے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ میجر وجاہت شہید نے پاک دھرتی کی تحفظ اور ہماری امن و سکون کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے عظیم مثال قائم کی ہے۔ صوبائی مشیر محترمہ مینا مجید بلوچ نے شہید کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہداء کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اور 'عزم استحکام' کے تحت بلوچستان کو دہشت گردی سے پاک کرنے تک سیکیورٹی فورسز اور عوام کا مشترکہ عزم اور جدوجہد بلا تاخیر جاری رہے گی۔

بقیہ 31

بندیوں اور ٹیرف کو ہٹانے کا فیصلہ روس کو مذاکرات کی میز پر برقرار رکھنے کی ایک کوشش ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ روس سے متعلق میرا فیصلہ بالکل سادہ ہے، میں روس اور یوکرین کے درمیان جنگ میں امن معاہدے کے لیے مذاکرات کر رہا ہوں اور ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہتا جس سے نادانستہ طور پر روس مذاکرات کی میز سے دور ہو جائے۔

بقیہ 01

کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور حکومتِ بلوچستان عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی خدمت، مسائل کے موثر ازالے اور گورننس میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور لوگوں کو سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 02

لیکن انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ قومی رہنماؤں کی توہین کرکے کوئی سیاسی مقام حاصل نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ ملتان میں منعقدہ مفتی محمود کانفرنس میں حضرت مولانا فضل الرحمن نے آئین کی بالادستی، جمہوریت کے تحفظ، عوامی حقوق اور مقتدرہ کی پالیسیوں کے حوالے سے جو دوٹوک اور جرأت مندانہ موقف اختیار کیا، اس نے مخالفین کی صفوں میں کھلبلی مچا دی ہے، یہی وجہ ہے کہ دلیل کا جواب دلیل سے دینے کے بجائے مختلف کرداروں کے ذریعے منفی بیان بازی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے، جو ان کی سیاسی بوکھلاہٹ اور فکری کمزوری کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے بعض سیاسی عناصر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلیوں میں بیٹھنے والوں کو سب سے پہلے اپنے صوبے کے حالات پر نظر ڈالنی چاہیے۔ عوام عدم تحفظ اور معاشی پریشانیوں کا سامنا کر رہے ہیں، مگر افسوس کہ بعض عوامی نمائندوں کو اپنے صوبے کے ان سلگتے ہوئے مسائل سے زیادہ مولانا فضل الرحمن کے خلاف بیان بازی کی فکر لاحق ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی تک پہنچنے والی چند خودساختہ مینا مجید اور ان جیسے دیگر نابالغ سیاسی عناصر کو خبردار کرتے ہیں کہ حضرت مولانا فضل الرحمن کے خلاف غیر ذمہ دارانہ بیان بازی سے باز آ جائیں اپنی سیاسی حیثیت سے بڑھ کر قومی قیادت کے خلاف زبان استعمال کرنا نہ سیاسی بصیرت ہے اور نہ ہی عوامی خدمت اور بلوچستان میں امن و امان کی صورت حال اور معاشی مشکلات پر سنجیدہ توجہ دینے کے بجائے سیاسی قائدین کے خلاف محاذ آرائی افسوس ناک اور عوامی مینڈیٹ کے ساتھ ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک صدی سے زائد تاریخ رکھنے والی منظم سیاسی و دینی جماعت ہے، جس کی جدوجہد، نظریاتی وابستگی اور عوامی خدمات ایک روشن تاریخ رکھتی ہیں، حضرت مولانا فضل الرحمن کی سیاسی حیثیت کا تعین وہ لوگ نہیں کر سکتے جن کی اپنی سیاست دوسروں کے خلاف بیان بازی اور سیاسی سرپرستوں کی خوشنودی کے گرد گھومتی ہے انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ مولانا فضل الرحمن صاحب کے خلاف زبان درازی کرکے کوئی اپنا سیاسی قد نہیں بڑھا سکتا سیاسی شخصیات کی پہچان ان کی جدوجہد، نظریے، کردار اور عوامی خدمات سے ہوتی ہے، نہ کہ مخالفین کی کردارکشی اور چاپلوسی سے، لہٰذا تمام غیر ذمہ دارانہ بیان بازی کرنے والے عناصر اپنی حدود میں رہیں، قومی قیادت کے خلاف ذاتی نوعیت کے حملوں سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ مخالفین کو چاہیے کہ وہ سیاسی مخالفت میں اخلاقی حدود پار کرنے کے بجائے دلیل اور کارکردگی کی بنیاد پر اپنا موقف پیش کریں، کیونکہ عوام کو کھوکھلے نعروں اور الزام تراشی سے نہیں، بلکہ عملی اقدامات اور حقیقی خدمت سے مطمئن کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 03

کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان پہلے ہی بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بدحالی کا شکار ہے، ایسے میں ایران بارڈر کی بندش اور تجارتی سرگرمیوں میں رکاوٹیں پیدا کرنا لاکھوں افراد کے روزگار پر ضرب اور عوام کا معاشی قتل ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ سرحدی راستوں کی بندش کے بعد ایران کے ساتھ تجارت محدود کرنے سے بلوچستان کی معیشت مفلوج ہوکر رہ جائے گی اور سرحدی علاقوں میں آباد عوام کے لیے روزگار کے مزید دروازے بند ہوجائیں گے۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا کہ سرحدی علاقوں کے عوام، تاجروں، مزدوروں اور ٹرانسپورٹرز کو معاشی مشکلات سے دوچار کرنا کسی طور دانشمندانہ پالیسی نہیں، جبکہ قومی شاہراہوں پر چیکنگ کے نام پر شہریوں اور تاجروں کو گھنٹوں انتظار، غیر ضروری پریشانی اور تضحیک آمیز رویوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو محصور کرکے ترقی اور خوشحالی کے دعوے بے معنی ہیں، کیونکہ سرحدی تجارت صوبے کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور اس سے ہزاروں خاندانوں کا چولہا جلتا ہے۔ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان کے معاشی ذرائع محدود کرکے محرومیوں میں اضافہ کر رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایران بارڈر کی بندش کے فیصلے پر فوری نظرثانی کی جائے، افغانستان کے ساتھ بند تجارتی راستے کھولنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں اور قومی شاہراہوں پر غیر ضروری چیک پوسٹوں اور چیکنگ کے نام پر تاجروں و مسافروں کو ہراساں کرنے اور ان کی تذلیل کا سلسلہ بند کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ بلوچستان کے عوام کے معاشی حقوق، روزگار اور آزادانہ تجارتی سرگرمیوں کو مسلسل محدود کرنے کی پالیسی کسی صورت قابل قبول نہیں؛ حکومت فوری طور پر عوامی مشکلات کا ازالہ کرتے ہوئے سرحدی تجارت کی بحالی یقینی بنائے۔

بقیہ 04

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الرحمان اور یونیورسٹی آف گوادر کے کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر رحیم بخش مہر نے بطور سبجیکٹ اسپیشلسٹ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں پی ایچ ڈی، ایم فل اور بی ایس پروگرامز کے نصاب، کورسز اور لرننگ آؤٹ کمز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ شرکاء نے نصاب میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کا کورس شامل کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر عبدالصبور نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد بلوچی زبان، ادب اور ثقافت کے فروغ کے ساتھ ساتھ طلباء کو بدلتے ہوئے عالمی تقاضوں اور ڈیجیٹل دور کی مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے، تاکہ وہ مارکیٹ میں موثر طور پر مقابلہ کرسکیں۔ انہوں نے انسٹیٹیوٹ کی تحقیقی اور تدریسی سرگرمیوں میں معیار کو ہر صورت برقرار رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نصاب کو ہائر ایجوکیشن کمیشن کی گائیڈ لائنز کے مطابق ترتیب دینے اور کورسز و طریقہ تدریس کو جدید تعلیمی رجحانات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ اجلاس کے شرکاء نے تدریسی اور تحقیقی سرگرمیوں میں معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی قیمتی تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے انسٹیٹیوٹ کی علمی و تحقیقی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انسٹیٹیوٹ آف بلوچی لینگویج اینڈ کلچر جامعہ تربت کا ایک نمایاں تعلیمی و تحقیقی مرکز ہے، جو بلوچی زبان، ادب اور ثقافت کے تحفظ اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ 05

ی عبدالرحمن اور ڈپٹی سیکرٹری قانون احسان برکت بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس میں بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ بل کا بنیادی مقصد صوبے میں ماہی گیری اور آبی زراعت کے شعبوں سے متعلق موجودہ قانونی ڈھانچے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنانا اور متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور موثر انتظامی نظام قائم کرنا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں ماہی گیری، آبی زراعت، فشریز ہاربرز اور ساحلی ترقی سے متعلق مروجہ قوانین، جن میں بلوچستان فشریز آرڈیننس 1961، بلوچستان سی فشریز آرڈیننس 1971، پسنی فشریز ہاربر اتھارٹی آرڈیننس 1983 اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 1998 شامل ہیں، وقت گزرنے کے ساتھ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے متقاضی ہیں۔ ان قوانین میں موجود قانونی و انتظامی پیچیدگیوں اور ادارہ جاتی اختیارات کے تداخل کے باعث ایک مربوط اور موثر قانونی نظام کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ بلوچستان کے وسیع ساحلی وسائل اور ماہی گیری کے شعبے کی اہمیت کے پیش نظر ان وسائل کا تحفظ، پائیدار ترقی، موثر نگرانی اور بہتر انتظام ناگزیر ہے۔ اس تناظر میں مجوزہ قانون سازی کو صوبے میں ماہی گیری اور آبی زراعت کے شعبوں کی بہتری اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کے لیے اہم قرار دیا گیا۔ بل پر طویل غور و خوض اور تفصیلی بحث کے بعد کمیٹی کے اراکین نے اپنی سفارشات پیش کیں، جنہیں مزید غور و خوض اور منظوری کے لیے ایوان میں زیر بحث لانے کی سفارش کی گئی۔ اجلاس کے اختتام پر چیئرمین کمیٹی ہدایت الرحمن نے اراکین اور متعلقہ حکام کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 06

ملی اور ترقی کو تقویت پہنچا رہی ہے دیگر عوامی سہولیات کے علاوہ محکمہ ایکسائز کے آفیسران سمندر کے راستے اسمگلنگ جیسے انسانی دشمن کارروائیوں کا ناکام بنا کر سماج دشمن عناصر کے چالوں کو سمندر برد کر دیا اور اس کا کریڈیٹ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز ساوتھ زمان خان اور اس کی حوصلہ مند ٹیم کو جاتا ہے

بقیہ 07

اور خان محمد کو زخمی کر دیا اور فرار ہوگئے۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں پر سہراب خان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 08

ہے۔ اس سلسلے میں بلوچستان ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) کے درمیان ایک اعلیٰ سطحی ملاقات منعقد ہوئی، جس میں بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید اور ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر نے ملاقات کی۔ اس ملاقات کے دوران دونوں اداروں نے باہمی اشتراک اور مشترکہ لائحہ عمل کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور ان کے لیے روزگار کے پائیدار مواقع پیدا کرنے پر مکمل اتفاق کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق یہ طے پایا کہ سالانہ بنیادوں پر صوبے کے 000،25 نوجوانوں کو مختلف مارکیٹ کے مطابق جدید فنی اور پیشہ ورانہ ہنر سکھائے جائیں گے تاکہ انہیں باوقار طریقے سے برسر روزگار بنایا جا سکے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ نوجوانوں کو صرف مقامی سطح تک محدود رکھنے کے بجائے ملکی اور بین الاقوامی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنرمند بنایا جائے گا تاکہ وہ صوبے اور ملک کی معاشی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ اس مقصد کے لیے بی ٹیوٹا کے فنی و تکنیکی وسائل اور بی آر ایس پی کے وسیع کمیونٹی نیٹ ورک کو یکجا کرکے دور دراز علاقوں کے مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں تک رسائی حاصل کی جائے گی۔ دونوں اداروں کے سربراہان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ یہ شراکت داری بلوچستان کی معاشی خوشحالی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگی۔

بقیہ 09

مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے اراضی پر کاشت کی گئی چرس اور بھنگ کی فصل تلف کر دی۔ محکمہ ایکسائز بلوچستان کی جانب سے صوبے میں منشیات کی کاشت کے خاتمے اور منشیات کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے جاری مہم کے سلسلے میں یہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کا مقصد غیر قانونی طور پر کاشت کی جانے والی بھنگ کی فصل کا خاتمہ اور علاقے کو منشیات سے پاک بنانے کی کوششوں کو موثر بنانا ہے محکمہ ایکسائز کے افسران کا کہنا ہے کہ منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خاتمے کے لیے مربوط حکمت عملی، موثر نگرانی اور اداروں کے درمیان قریبی رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ اس مقصد کے لیے متعلقہ سیکیورٹی اداروں اور ضلعی پولیس کے ساتھ تعاون کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ انسداد منشیات کی کارروائیوں کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ محکمہ ایکسائز بلوچستان کی ٹیم نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ صوبے میں منشیات کی کاشت اور اس کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے کارروائی کی جائے گی

بقیہ 10

عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ متعلقہ حکام کی خاموشی نے عوامی تشویش اور غم و غصے میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز لورالائی میں کیسکو کی جانب سے بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کو شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق بجلی کی غیر معمولی لوڈشیڈنگ نے زندگی کے تقریباً تمام شعبوں کو متاثر کر رکھا ہے۔ ایک جانب شدید گرمی اور روزمرہ ضروریات کی مشکلات ہیں تو دوسری جانب بجلی کی عدم دستیابی نے گھریلو امور، کاروباری سرگرمیوں اور تعلیمی نظام کو بری طرح متاثر کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 48،48 گھنٹے بجلی بند رہنا کسی بھی صورت معمول کی لوڈشیڈنگ نہیں بلکہ عوام کو بنیادی سہولت سے محروم رکھنے کے مترادف ہے۔ بجلی کی طویل بندش کے باعث طلبہ خصوصاً آن لائن کلاسز لینے والے طالب علموں کو شدید تعلیمی مشکلات کا سامنا ہے۔ انٹرنیٹ، موبائل فون اور دیگر الیکٹرانک آلات چارج نہ ہونے کے باعث طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں، جبکہ امتحانات کی تیاری کرنے والے نوجوان بھی پریشانی سے دوچار ہیں۔ اسی طرح دکانداروں، چھوٹے کاروباری افراد اور محنت کش طبقے کے لیے کاروبار جاری رکھنا مشکل ہو گیا ہے۔ بجلی پر انحصار کرنے والے کاروبار متاثر ہونے سے نہ صرف روزگار کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں بلکہ شہریوں کے مالی نقصانات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ شہریوں نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ آخر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی کے عوام کے ساتھ یہ امتیازی سلوک کیوں روا رکھا جا رہا ہے؟ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر صوبے کے دیگر علاقوں میں بجلی کی فراہمی کے لیے کوئی نظام موجود ہے تو لورالائی کے شہریوں کو اس بنیادی سہولت سے طویل وقت تک محروم کیوں رکھا جا رہا ہے؟ ان کے مطابق بجلی کی فراہمی میں اس قدر طویل تعطل سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے لورالائی کے عوام کو ملک کے دیگر شہریوں کے برابر بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی کوئی اہمیت ہی نہیں دی جا رہی۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام کی توجہ اس سنگین مسئلے کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی کی مسلسل بندش صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ عوام کی روزمرہ زندگی، تعلیم، کاروبار اور ذہنی سکون سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کیسکو حکام فوری طور پر بجلی کی طویل بندش کا نوٹس لیں۔

بقیہ 11

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر مستونگ، پروجیکٹ ڈائریکٹر اور بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے افسران نے آن لائن شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ حنیر احمد ورانی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ سید کلیم اللہ اور دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کو کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ پر پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ شہر کے 120 مقامات پر تین، تین کیمروں کی تنصیب کا منصوبہ ہے، جبکہ صوبے کے سات اضلاع میں سیف سٹی کیمروں کی تنصیب کے لیے 990 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔ بریفنگ کے مطابق کوئٹہ شہر میں 130،1 ملین روپے کی لاگت سے 130 کیمروں کی تنصیب کا منصوبہ جاری ہے، جس پر تقریباً 83 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ منصوبے کے تحت شہر میں چھ چیک پوسٹس قائم کی جا رہی ہیں، جن میں سے چار مکمل ہو چکی ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ احتجاجی مظاہروں کے دوران نقصان پہنچنے والی سائٹس کو بھی جلد از جلد دوبارہ فعال کیا جائے گا، جبکہ اس مقصد کے لیے فنڈز دستیاب ہیں اور باقی ماندہ کام کو تیزی سے مکمل کیا جائے گا۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ کوئٹہ شہر میں تین مزید جوائنٹ چیک پوسٹس (JCPs) قائم کی جائیں گی، جن سے شہر میں سیکیورٹی انتظامات کو مزید موثر بنانے، جرائم کی روک تھام اور امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے کہا کہ سیف سٹی پروجیکٹ ایک اہم اور دوررس نتائج کا حامل منصوبہ ہے، جس کی تکمیل سے نہ صرف شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی بلکہ شہر میں سیکیورٹی، نگرانی اور امن و امان کی صورتحال میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ منصوبے کی راہ میں حائل رکاوٹوں اور مسائل کو باہمی تعاون، موثر رابطہ کاری اور مشترکہ حکمت عملی کے ذریعے فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ منصوبے کو عملی جامہ پہناتے ہوئے مقررہ اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ کمشنر نے اس امر پر بھی زور دیا کہ سیف سٹی منصوبے کے تحت نصب کیے جانے والے کیمروں اور دیگر سیکیورٹی آلات کو فعال رکھنے، متاثرہ مقامات کی بحالی اور زیر تکمیل کام کو جلد مکمل کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کریں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ضلع مستونگ کو بھی سیف سٹی پروجیکٹ کا حصہ بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ اس مقصد کے لیے نئی پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) میں منصوبے کو شامل کیا گیا ہے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے سیف سٹی پروجیکٹ جلد مکمل کیا جائے گا تاکہ شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے اور کوئٹہ میں امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے۔

بقیہ 12

سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ 13

نے لاہور میں ایف پی سی سی آئی کے ریجنل چیئرمین اور نائب صدر ذکی اعجاز کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے، سیکورٹی فورسز کی موثر کارروائیوں کی بدولت دہشتگرد پسپا ہو رہے ہیں، گزشتہ ماہ میں جو دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں کی گئی ہیں ان کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی، بلوچستان قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور سرمایہ کاری کے وسیع امکانات سے مالا مال ہے۔ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کی معاشی ترقی، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی پر توجہ دی جا رہی ہے۔ معدنیات، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، توانائی، سیاحت اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ اس موقع پر ذکی اعجاز نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور ایف پی سی سی آئی کے اشتراک کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ سرکاری اور نجی شعبے کے درمیان موثر تعاون سے صوبے کی معاشی صلاحیت کو بروئے کار لانے اور پائیدار ترقی کی راہ ہموار کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ 14

تدریسی عملے کی خالی آسامیوں کو ایک اہم مسئلے کے طور پر اجاگر کیا گیا۔ ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر نے بتایا کہ مختلف کالجز میں اساتذہ اور دیگر متعلقہ عملے کی متعدد آسامیاں خالی ہونے کے باعث تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں، جس سے طلباء و طالبات کے داخلوں (Enrolment) میں مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ عملے کی کمی کے باعث کالجز میں بی ایس (BS) ڈگری پروگرامز کے اجراء اور تسلسل میں بھی مشکلات درپیش ہیں۔ کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے کالجز میں خالی آسامیوں اور دیگر تعلیمی مسائل کی نشاندہی کو اہم قرار دیتے ہوئے متعلقہ حکام سے ضروری رابطوں اور موثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ تدریسی عمل کو بہتر بنایا جا سکے، طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع میسر آئیں اور کالجز میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 15

پراسکول میں درپیش مسائل اور تعلیمی ضروریات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کی گئیں انہوں نے اسکول کی حال ہی میں تعمیر ہونے والی نئی عمارت کا بھی معائنہ کیا اور تعمیراتی معیار، دستیاب سہولیات اور تعلیمی سرگرمیوں کے لیے عمارت کی افادیت کا جائزہ لیا بعد ازاں اسکول کی ہیڈ مسٹریس بلقیس قادر نے ڈی ای او گوادر کو ادارے کی مجموعی تعلیمی صورتحال، تدریسی و انتظامی امور، طالبات کی ضروریات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈی ای او گوادر زاہد حسین نے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے، تدریسی عمل کو موثر بنانے اور طالبات کو سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ممکنہ اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 16

جیرہ مولانا عبدالرؤف، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ جب تک ملک کی سیاسی جماعتیں قومی آئین، جمہوری روایات اور پائیدار اصولوں کو ذاتی و سیاسی مفادات پر ترجیح نہیں دیں گی، اس وقت تک وہ آپس میں دست و گریبان ہوتی رہیں گی۔ تاریخ شاہد ہے کہ اصولوں سے ہٹ کر بنائے گئے سیاسی اتحاد ہمیشہ وقتی، سیاسی سودے بازی پر مبنی اور کھوکھلے ثابت ہوئے ہیں جن کا نقصان بالآخر عوام اور جمہوریت کو اٹھانا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی کا روز اول سے یہ واضح اور اصولی موقف رہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو آئین کی بالادستی کے لیے ایک پیج پر آنا چاہیے۔ کسی بھی جمہوری اور منتخب حکومت کو غیر آئینی طریقے سے گرانے کا عمل نہ تو ملک میں سیاسی استحکام لا سکتا ہے اور نہ ہی اس سے جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہو سکتی ہیں۔ سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ متحد ہو کر نادیدہ قوتوں کے مداخلتی راستے کو ہمیشہ کے لیے بند کریں۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار میں آتے ہی جمہوریت کے دعویداروں نے آئین اور سیاسی جماعتوں کے احسانات کو پاؤں تلے روند دیا اور اپنے جمہوری بیانیے کو بالکل پس پشت ڈال دیا۔ مسلم لیگ نے سیاسی مزاحمت کو صرف اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے کی سیڑھی کے طور پر استعمال کیا۔ اس طرز عمل کے نتیجے میں سیاسی جماعتوں کے درمیان باہمی اعتماد، سیاسی اخلاقیات اور جمہوری اقدار کا جنازہ نکل چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کے بجائے غیر جمہوری قوتوں کا راج قائم ہو چکا ہے ہائبرڈ نظام کی وجہ سے پارلیمنٹ کی توقیر اور عدلیہ کی آزادی مکمل طور پر سلب کی جا رہی ہے۔ اس غیر آئینی روش نے ملک کی سلامتی، خودمختاری اور معاشی استحکام کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ قوم کو یکے بعد دیگرے بحرانوں اور دلدل کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جہاں عام آدمی بنیادی حقوق سے محروم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام جمہوری اور سیاسی جماعتیں ذاتی و اقتداری مفادات سے بالاتر ہو کر حقیقی آئینی حکمرانی، پارلیمنٹ کی بالادستی اور غیر جمہوری مداخلت کے خاتمے کے لیے مشترکہ جدوجہد کا آغاز کریں۔

بقیہ 17

کن پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 20 اکتوبر اور 21 اکتوبر کو (روزانہ) صبح 8 بجے سے شام 6 بجے کام کے باعث تقریباً 220 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی۔ جسے لوڈ مینجمنٹ کے ذریعے پورا کیا جائے گا۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں لوڈ مینجمنٹ کے باعث زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 18

می پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے صوبائی سیکرٹری وارث افغان، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت شبوزئی، نبی فدائی، سید اکبر خان، سلام ناصر، ضلعی سیکرٹری مصطفیٰ کمال، پشتونخوا ایس او زونل سیکرٹری اطلاعات وحدت افغان، زونل آفس سیکرٹری زوہیب خان کبزئی، پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے ارکان نعمت شبوزئی، محیب ملازئی اور مالک حیدرزئی، جبکہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع لورالائی کے سیکرٹری فرید خان، ضلعی سینئر معاون سیکرٹری منظور خان زنخیل اور ضلعی ایگزیکٹو کے دیگر ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع لورالائی کی تنظیمی فعالیت، درپیش مسائل اور مستقبل کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تنظیم کو ضلع بھر میں فعال، منظم اور مستحکم بنانے کے لیے مختلف تنظیمی فیصلے کیے گئے۔ اس سلسلے میں لورالائی یونیورسٹی، میڈیکل کالج، دیگر کالجز، سکولوں اور مختلف علاقوں میں طلبہ و نوجوانوں کو پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم پر منظم کرنے کے لیے ایک موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے صوبائی سیکرٹری وارث افغان اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، جبکہ محکوم اقوام کی قومی، سیاسی، سماجی اور معاشی ترقی میں نوجوانوں، بالخصوص تعلیم یافتہ نوجوانوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ نوجوانوں میں اپنی قومی خودمختاری کے حصول، قومی وسائل پر اختیار قائم کرنے، قومی حقوق کے دفاع اور معاشرے کو علم و شعور سے آراستہ کرنے کی بھرپور صلاحیتیں موجود ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ نوجوانوں کو منظم سیاسی جدوجہد، نظریاتی تربیت اور تعمیری سرگرمیوں کے ذریعے قومی تحریک کا فعال حصہ بنایا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹ آرگنائزیشن کی بنیاد 1967 میں رکھی گئی اور اس کی تقریباً چھ دہائیوں پر محیط تاریخ قربانیوں، شہادتوں، ثابت قدمی اور قومی و سیاسی جدوجہد کی تاریخ ہے۔ تنظیم نے تعلیمی حقوق کے حصول اور طلبہ کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کرنے کے ساتھ ساتھ پشتون قومی تحریک میں بھی نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ تنظیم کے کارکنوں اور رہنماؤں کی قربانیوں اور مسلسل جدوجہد کے نتیجے میں طلبہ کو تعلیمی میدان میں متعدد کامیابیاں حاصل ہوئیں، تاہم موجودہ حالات میں ان کامیابیوں کو آگے بڑھانے، تعلیمی اداروں میں طلبہ کو درپیش مشکلات کے خاتمے اور نوجوانوں کے لیے مزید تعلیمی مواقع پیدا کرنے کی جدوجہد جاری رکھنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹ آرگنائزیشن، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی ذیلی تنظیم کی حیثیت سے پارٹی کے منشور، آئین، نظریاتی پروگرام اور بااختیار تعلیمی اداروں کے فیصلوں کی روشنی میں اپنی سرگرمیاں جاری رکھے گی۔ طلبہ تنظیم کی بنیادی ذمہ داری نوجوانوں میں قومی و سیاسی شعور بیدار کرنا، انہیں منظم کرنا، ان کی نظریاتی و تنظیمی تربیت کرنا اور تعلیمی اداروں میں ان کے جائز حقوق کے حصول کے لیے موثر جدوجہد کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے تنظیم کے تمام عہدیداروں اور کارکنوں کو اپنی ذمہ داریاں پوری سنجیدگی، نظم و ضبط اور باہمی ہم آہنگی کے ساتھ ادا کرنا ہوں گی۔ اجلاس میں لورالائی یونیورسٹی میں طلبہ کو درپیش تعلیمی، انتظامی اور بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل فوری طور پر حل کرنے پر زور دیا گیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ یونیورسٹی، میڈیکل کالج، دیگر کالجز اور سکولوں میں طلبہ کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے حکومت، محکمہ تعلیم اور متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور تعلیمی اداروں میں سازگار ماحول، معیاری تعلیم اور ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں، تاکہ طلبہ بلا رکاوٹ اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹ آرگنائزیشن ضلع لورالائی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے، تنظیمی ڈھانچے کو وسعت دینے، طلبہ کے مسائل اجاگر کرنے اور نوجوانوں تک تنظیم کا قومی، سیاسی اور نظریاتی پیغام پہنچانے کے لیے تمام دستیاب صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے تنظیم کے عہدیداروں اور کارکنوں کو تعلیمی اداروں اور مختلف علاقوں میں منظم رابطہ مہم چلانے اور نوجوانوں کو تنظیمی صفوں میں شامل کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 19

ع سے آنے مریضوں بالخصوص جناح روڈ، پٹیل روڈ، سلیم کمپلیکس، زرغون روڈ کے مقامات پر چار سے چھ اہلکاروں کا ڈرائیور حضرات کا گھیراؤ کرتے، ان سے بداخلاقی پر مبنی رویہ اختیار کرنے، بھاری چالان کی ادائیگی پر مجبور کرنے، معمولی غلطیوں پر ہزاروں روپے کے چالان اور ساتھ ہی رشوت خوری کا بازار گرم کرنے کے اقدامات کا آئی جی پولیس، ایس پی ٹریفک خصوصی نوٹس لیں اور شہر میں نصب کیمروں، سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی مختلف ویڈیوز میں ان آفیسران و اہلکاروں کی کرپشن کی داستانیں اور شہریوں کی تضحیک کے عمل کی ثبوت موجود ہیں۔ شدید مہنگائی، سخت ترین بیروزگاری اور معاشی مشکلات سے تنگ و لاچار عوام کو بھاری چالانوں سے اذیت دینا ظلم کے سوا کچھ نہیں۔ بالخصوص طلباء، سرکاری و نجی ملازمین، دیہاڑی دار طبقہ، ڈیلیوری بائیک سروسز کے نوجوانوں جو صبح سے رات گئے تک محنت مزدوری کے ذریعے اپنے گھر والوں کی کفالت کر رہے ہیں تاکہ انہیں حلال کا لقمہ پہنچایا جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایسے اہلکار بھی موجود ہیں جو ہر قسم کے موسم میں صرف اپنے فرائض سرانجام دیتے ہیں اور ٹریفک کے اصولوں، شاہراہوں کی بحالی کے لیے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ رشوت خوری میں ملوث ٹریفک اہلکاروں کا فوری طور پر جناح روڈ و دیگر مذکورہ بالا علاقوں سے تبادلہ کرکے انہیں دیگر علاقوں میں بھیجا جائے جو عرصہ دراز سے ان علاقوں پر ہی موجود ہیں۔ اور ساتھ ہی مریضوں، ان کے لواحقین، ٹیکسی ڈرائیورز وغیرہ کو تنگ کرنے کے عوام دشمن اقدامات کو ترک کیا جائے۔

بقیہ 20

تے ہوئے اسکول کے مسائل اجاگر کیے گورنمنٹ گرلز اسکول کونگ دو مختلف مقامات پر قائم ہونے کے باعث مشکلات کا شکار ہے۔ اسکول کا پرائمری سیکشن ایک پرانی اور چھوٹی عمارت میں قائم ہے، جبکہ مڈل سیکشن کے لیے نئی عمارت تعمیر کی گئی ہے، جو 2025 میں میڈم منورہ بلوچ، بی ڈی آئی رہنما اور رکن قومی اسمبلی کی فنڈنگ سے تعمیر کی گئی تھی۔ نئی عمارت کا افتتاح 30 مئی 2025 کو کیا گیا تھا اسکول کے دونوں سیکشنز الگ الگ مقامات پر ہونے کے باعث انتظامی امور اور عملے کو مشکلات کا سامنا ہے۔ اسکول میں صرف ایک چپڑاسی تعینات ہے، جس کے لیے بیک وقت دونوں عمارتوں میں خدمات انجام دینا مشکل ہے۔ اس کے علاوہ اسکول میں ڈیسکوں، فرنیچر اور دیگر ضروری تعلیمی سہولیات کی بھی کمی ہے، جس کے باعث طالبات کو تعلیمی سرگرمیوں کے دوران مشکلات پیش آتی ہیں دوسری جانب کونگ میں پانی کی شدید قلت ایک سنگین مسئلہ ہے، جس سے اسکول بھی متاثر ہو رہا ہے۔ پانی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اسکول انتظامیہ کو ہفتہ وار ٹینکر کے ذریعے پانی منگوانا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے اضافی اخراجات اور دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنما و کونسلر احمد نواز بلوچ نے علاقے، بالخصوص کونگ کے مسائل کے حل کے لیے اپنی کوششوں کا ذکر کیا۔ وہ مسلسل علاقے کے عوامی مسائل اجاگر کرتے اور ان کے حل کے لیے آواز اٹھاتے رہتے ہیں۔ دستیاب محدود وسائل کے باوجود وہ اپنے کونسلر کے فنڈز کو علاقے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے بروئے کار لانے کی کوشش کر رہے ہیں اسکول انتظامیہ اور علاقائی حلقوں کی جانب سے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ گورنمنٹ گرلز اسکول کونگ میں ڈیسکوں اور فرنیچر کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اس کے ساتھ ساتھ کونگ میں پانی کی قلت کے مستقل حل کے لیے بھی موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے اور ان کی تعلیم کا سلسلہ مزید مشکلات سے محفوظ رہے۔

بقیہ 21

ل موجود ادویات کی میعاد استعمال چیک کی گئی تاکہ شہریوں کو محفوظ اور معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ زائد المیعاد ادویات کی فروخت کی روک تھام کی جا سکے۔ اس کارروائی کے دوران مجموعی طور پر 33 کاروباری مراکز کا معائنہ کیا گیا خلاف ورزیوں پر 9 دکانداروں کو تنبیہ جاری کی گئی جبکہ مجموعی طور پر 1,200 روپے جرمانہ عائد کیا گیا انتظامیہ نے واضح کیا کہ بازار میں سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی، مقررہ قیمتوں سے زائد وصولی اور دیگر بے ضابطگیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ علاوہ ازیں بازار میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کی آمد و رفت کو آسان بنانے کے لیے راستوں میں حائل رکاوٹیں ہٹائی گئیں اور سڑک پر قائم ریڑھیوں کو ہٹا کر راستوں کو کشادہ کیا گیا اس اقدام کا مقصد بازار میں ٹریفک کی بلاتعطل روانی کو یقینی بنانا، پیدل چلنے والوں کے لیے راستے کھلے رکھنا اور شہریوں کو خریداری کے دوران درپیش مشکلات کا خاتمہ کرنا تھا۔ اس موقع پر تحصیلدار مانجھی پور بہرام خان بگٹی نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ سرکاری نرخنامے نمایاں مقامات پر آویزاں کریں اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں پر فروخت کریں صفائی ستھرائی کا خیال رکھیں اور بازار کی سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور مارکیٹ میں نظم و ضبط برقرار رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بازاروں کی نگرانی اور قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ایسی کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی تاکہ شہریوں کو ناجائز منافع خوری، زائد قیمتوں اور غیر معیاری اشیا کی فروخت سے محفوظ رکھتے ہوئے ایک منظم اور صاف ستھرا تجارتی ماحول فراہم کیا جا سکے

بقیہ 22

ف سال ٹریڈرز اینڈ سال انڈسٹری کے دورے کے موقع پر منتخب ہونے والی کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کوئٹہ چیمبر آف سال ٹریڈرز اینڈ سال انڈسٹری کے صدر نوید یوسف، پاک ایران مشترکہ چیمبر آف کامرس کے صدر جاوید رحیم پراچہ، پاک ایران چیمبر کے نائب صدر عطاء اللہ مینگل، نعیم الرحمن نورزئی، مقبول الٰہی بختی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ افغان قونصل جنرل برائے کمرشل عبدالمنان ہمت نے کوئٹہ چیمبر آف سال ٹریڈرز اینڈ سال انڈسٹری کی نئی منتخب ہونے والی کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ منتخب ہونے والے عہدیدار، تاجر اور بزنس کمیونٹی کو کاروباری سرگرمیوں اور بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے حائل رکاوٹوں اور مشکلات کے حل میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے زمیندار اور تاجروں سمیت بزنس کمیونٹی بارڈر کی بندش سے پریشان اور مشکلات سے دوچار ہے دونوں ممالک کے درمیان بارڈر ٹریڈ شروع ہونا وقت اور حالات کی اہم ضرورت ہے کیونکہ اس اقدام سے دونوں ممالک کے تاجروں اور بزنس کمیونٹی کو کاروباری سہولیات اور عوام کو اس سے فائدہ ہوگا کونسل جنرل نے کہا کہ دونوں ممالک کے عوام ہمارے اپنے ہیں ہماری کوشش ہوگی کہ دونوں ممالک کے درمیان روابط بڑھیں اور تجارت بحال ہو اور یہ تجارتی سرگرمیاں وقت اور حالات کے لئے ناگزیر ہیں اس لئے ہمیں تجارت اور سیاست کو الگ الگ رکھنا چاہیے تاکہ اس سے کاروباری سرگرمیاں اور بارڈر ٹریڈ متاثر نہ ہو۔ اس موقع پر کوئٹہ چیمبر آف سال ٹریڈرز اینڈ سال انڈسٹری کے صدر نوید یوسف، پاک ایران مشترکہ چیمبر آف کامرس کے صدر جاوید رحیم پراچہ اور دیگر نے افغان قونصل جنرل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دونوں ممالک کے تاجروں اور چیمبرز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے مشترکہ کوششیں اور اقدامات اٹھا کر چلنے کی یقین دہانی کرائی۔0

بقیہ 23

برداری کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں سمیت ٹرانسپورٹ یونین کے عہدیداروں نے شرکت کی تقریب سے ٹرانسپورٹ یونین کے رہنماؤں حاجی نور محمد شاہوانی، حاجی ظاہر شاہ یوسف زئی، حاجی اللہ محمد اچکزئی، رضا محمد، ملک شیر علی بلوچ، خان اوتمان خیل، ضیاء الحق، ذوالفقار بابو ریسانی اور ملک سہیل خان کاکڑ نے خطاب کیا تو منتخب کابینہ میں ملک طاہر خان کاکڑ صدر، عبدالجبار کاکڑ جنرل سیکرٹری، جلات خان حریفال سینئر نائب صدر، حاجی وزیر خان مندوخیل ڈپٹی جنرل سیکرٹری، خلیل الرحمن بابر فنانس سیکرٹری، عبدالغفار کبزئی فنانس سیکرٹری دوم، پائندہ خان کبزئی پریس سیکرٹری، حاجی اجوال خان بابر پریس سیکرٹری دوم، باران شاہ شیرانی آفس سیکرٹری اور عبدالرحمن لونی قانونی مشیر منتخب ہوئے اسی طرح حاجی مولا داد اللہ مندوخیل کو سرپرست اعلیٰ جبکہ خانداد مندوخیل، حاجی محمد حسین بابر اور حاجی غلام حسین شیرانی کو سرپرست مقرر کیا گیا۔ اشرف الدین کاکڑ اور ظریف خان شیرانی اعزازی ممبران میں شامل ہیں۔

بقیہ 24

ئے نامعلوم مسلح افراد نے رودینجو کے مقام سے مبینہ طور پر اغوا کر لیا تھا۔ واقعے کے اگلے روز ان کا ڈرائیور بازیاب ہوکر خضدار پہنچ گیا تھا، جبکہ دونوں افسران کی بحفاظت واپسی پر اہل خانہ اور متعلقہ حلقوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 25

حیات خان اچکزئی، شاہ اللہ جنگ، اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر، عزیز اللہ کوئٹہ سٹی کے جنرل سیکرٹری نعمت اللہ، سید ایوب آغا، اکرم گل، منشا خان عمرانی اور دیگر نے کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور جمہوریت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک المناک واقعہ ہے جس نے جمہوریت سے وابستگی، سیاسی استقامت اور قومی عزم کی ایسی داستان رقم کی جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا شہداء کا لہو پاکستان میں جمہوری اقدار کے استحکام کی جدوجہد کا روشن باب ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کی رات پیپلز لیبر بیورو کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے شہداء سانحہ کارساز کی یاد میں شمعیں روشن کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ 18 اکتوبر پاکستان کی تاریخ کا سیاہ دن ہے جب شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی پر دہشت گردی کے ذریعے انہیں نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی تاہم قوم کی عظیم رہنما کو نہ ڈرایا جا سکا اور نہ جھکایا جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے کارساز نے جمہوریت کی بحالی اور استحکام کے لیے تاریخ ساز قربانیاں دیں جو جمہوری تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں قوم ہمیشہ یاد رکھے گی کہ ان شہداء نے جمہوریت اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور آمریت کے راستے میں رکاوٹ بنے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت سے لے کر کارکنوں تک، جمہوریت کے لیے قربانیوں کی لازوال تاریخ رقم کی گئی ہے سانحہ کارساز کے 19 سال بعد بھی شہداء کی یاد تازہ ہے اور آمریت کے خلاف جدوجہد تاریخ کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دھماکوں اور جانی نقصان کے باوجود جیالوں کے حوصلے پست نہیں ہوئے اور ان کی قربانیاں آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کا مشن عوام کی حکمرانی، مساوات، سماجی انصاف اور پرامن، خوشحال و ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر ہے، جسے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا کی قربانیاں اس عزم کی یاد دہانی ہیں کہ عوام کی حکمرانی اور جمہوری نظام کے تحفظ کی جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف قومی جدوجہد میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی قربانیاں ہماری اجتماعی ذمہ داری کو یاد دلاتی ہیں۔ اس موقع پر شہدا کے درجات کی بلندی اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 26

ی سلامتی پر اثرانداز نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج ملک میں امن و استحکام کے لیے بے شمار قربانیاں دے رہی ہے، جن کا احترام ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے۔ قومی سلامتی جیسے حساس معاملات پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے اتحاد، یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرز عمل کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے۔ نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے مزید کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، لیکن قومی مفاد اور ملکی سلامتی کے معاملات پر تمام سیاسی قوتوں کو ذمہ داری کا احساس کرنا چاہیے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں اور اشتعال انگیز پروپیگنڈے پر کان نہ دھریں اور امن و امان کے قیام میں ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 27

سامنا ہے۔ تیز آواز میں اسپیکر چلانے سے نہ صرف معمولات زندگی متاثر ہو رہے ہیں بلکہ اذان اور نماز جنازہ جیسے مقدس مواقع کے احترام کو بھی نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ اسپیکر کے استعمال میں مناسب حد کا خیال رکھنا ضروری ہے تاکہ لوگوں کے مذہبی جذبات مجروح نہ ہوں اور علاقے کا ماحول بھی متاثر نہ ہو۔ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس مسئلے کا فوری نوٹس لے کر ٹریکٹروں پر ہیوی اسپیکر کے بے جا استعمال کو روکنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 28

کی ٹیمیں جائے حادثہ اور امدادی کارروائیوں میں متحرک ہوئیں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، جبکہ مرکزی اسٹیشن لائے گئے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز (DHQ) ہسپتال منتقل کر دیا گیا حادثے میں مجموعی طور پر 15 افراد زخمی اور ایک شخص جاں بحق ہوا۔

بقیہ 29

کے امیر مولانا نیاز محمد اور جنرل سیکرٹری آغا ابراہیم شاہ نے ضلع کوئٹہ کی نئی کابینہ کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ سرپرست اعلیٰ و سرپرستوں میں سرپرست اعلیٰ: مولانا خدائے نظر، سرپرست مولانا مفتی عبدالرحمن، سرپرست مولانا قاری سردار محمد، سرپرست سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، سرپرست حاجی نادر خان اچکزئی، سرپرست مولانا عبدالظاہر، سرپرست مولانا باز محمد، سرپرست حاجی نظام آغا، سینئر نائب امیر مولانا علاؤالدین، نائب امیر مفتی رحمت اللہ خلجی، نائب امیر حاجی حیات اللہ کاکڑ، نائب امیر: مولانا محمد ابراہیم، نائب امیر مولانا محمد اسحاق، نائب امیر: مولانا حافظ دین محمد، نائب امیر: مولانا شراف الدین، نائب امیر: مولانا حاجی فضل داد، نائب امیر: مولانا عبدالصمد، نائب امیر: مولانا محمد شفیع، نائب امیر: حاجی منہاج الدین، ڈپٹی جنرل سیکرٹری: مولانا سید عزیز اللہ ذاکری ناظمین (سیکرٹریز): حاجی محمد نور اخوندزادہ، رحمت اللہ حقانی، مولانا شمس اللہ، حافظ کریم داد، حافظ عبدالغنی، مولانا حافظ عبیداللہ آغا، مولانا محمد حسن، مولانا عصمت اللہ، سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد جیلانی، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات: مولانا صالح محمد سجاد، معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا سمیع اللہ شاہوی، معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا نذیر احمد، معاون سیکرٹری اطلاعات حافظ محی الدین، شعبہ مالیات، سیکرٹری مالیات مولانا نعمت اللہ، ڈپٹی سیکرٹری مالیات حاجی عبدالظاہر، معاون مالیات حاجی نیاز محمد کاکو، معاون مالیات اسداللہ خالد، سالار و رضا کار فورس، سالار حاجی ممتاز، ڈپٹی سالار مولانا محمد صادق، ڈپٹی سالار حاجی فیض اللہ اخوندزادہ، ڈپٹی سالار پیچ شیر احمد، ڈپٹی سالار حاجی اختر محمد نورزئی

بقیہ 30

کہ آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے عوام انواع و اقسام تو در کنار دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے پریشان ہیں۔ حکمرانوں کو عوام کی بھوک، بے بسی اور معاشی بدحالی کا کوئی احساس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے کروڑوں روپے کی سرمایہ کاری کر کے نشستیں اور وزارتیں حاصل کرنے والوں نے اقتدار کو عوامی خدمت کے بجائے اپنے سرمائے پر منافع کمانے کا ذریعہ بنا رکھا ہے یہی وجہ ہے کہ حکمران طبقہ عوام کو ریلیف دینے کے بجائے اپنی سرمایہ کاری کا منافع سمیٹنے اور ذاتی مفادات کے تحفظ میں مصروف ہے۔ ایک طرف غریب خاندان مہنگائی کے ہاتھوں فاقہ کشی کے قریب پہنچ چکے ہیں تو دوسری طرف حکمرانوں کی ترجیحات میں عوام کی بنیادی ضروریات کے بجائے اقتدار کے ثمرات اور ذاتی مفادات نمایاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی وسائل کی لوٹ مار، کرپشن اور اقرباپروری نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ آٹے سمیت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام آدمی سے زندگی کی بنیادی سہولتیں بھی چھین لی ہیں۔ حکمرانوں کو سمجھنا چاہیے کہ اقتدار عوام کی امانت اور انکی خدمت کی ذمہ داری ہے اسے ذاتی سرمایہ کاری پر منافع حاصل کرنے کا کاروبار نہیں بننے دیا جا سکتا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آٹے سمیت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں فوری کمی کی ذخیرہ اندوزی کے خاتمے اور غریب عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 31

رہا۔ خصوصاً اسکول جانے والے معصوم بچوں اور بچیوں کی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جنہیں روزانہ تعلیمی اداروں تک آنے جانے کے دوران آوارہ کتوں کے حملوں کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق لوکنڈی میں عرصہ دراز سے آوارہ کتوں کی بہتات کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ متعلقہ حکام کی جانب سے اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے تاحال کوئی موثر اور عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی حلقے مسلسل اپنے بیانات کے ذریعے یونین کونسل کے چیئرمین اور سیکرٹریز سمیت متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شہر کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، مگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن لوکنڈی کے عوام اس بنیادی سہولت سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں۔ شہر میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے شہریوں میں خوف و ہراس کی فضا پیدا کر دی ہے۔ خواتین بچوں کو گھروں سے نکلتے ہوئے مشکلات کا سامنا ہے، بچے اور بچیاں خوف کے باعث غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں، جبکہ بزرگوں اور دیگر شہریوں کے لیے بھی معمولات زندگی جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے لوکنڈی کے شہریوں کو آوارہ کتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے اور شہر میں اس مسئلے کی ذمہ داری اٹھانے والا کوئی موجود نہیں۔ اگر خدانخواستہ کسی بچے، خاتون یا بزرگ کو آوارہ کتوں کے حملے میں نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری کون قبول کرے گا؟ کیا متعلقہ حکام کسی بڑے حادثے کے رونما ہونے کا انتظار کر رہے ہیں شہریوں نے یونین کونسل کے چیئرمین، سیکرٹریز، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ لوکنڈی میں آوارہ کتوں کی روک تھام اور خاتمے کے لیے فوری طور پر موثر مہم شروع کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسکولوں، بازاروں، گنجان آباد علاقوں اور رہائشی محلوں میں خصوصی توجہ دی جائے، تاکہ بچوں، خواتین، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 32

سیج اور طالبات کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے کمروں کی تعمیر کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں بہتری لانا اور تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم باہمی تعاون سے اقدامات کر رہے ہیں، تاکہ تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو مزید موثر بنایا جا سکے۔

بقیہ 33

اسپیشل برانچ علی محمد کاسی، ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ اور اے ڈی آئی جی سی محمد یونس سمیت دیگر پولیس افسران نے کی۔ اس موقع پر افسران نے امتحانی عمل کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور امتحان کو مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق منعقد کرنے کی نگرانی کی۔ ایس ایس پی اسپیشل برانچ محمد علی کاسی نے کہا کہ تحریری امتحان کا مقصد امیدواروں کی تعلیمی قابلیت اور اہلیت کا جائزہ لے کر مقررہ معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں کو بھرتی کے اگلے مراحل کے لیے منتخب کرنا ہے۔ اس موقع پر ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے کہا کہ بلوچستان پولیس میں بھرتی کا عمل میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت انعقاد ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بھرتی کے تمام مراحل میں میرٹ کو ترجیح دی جا رہی ہے اور شفافیت برقرار رکھنے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ پولیس میں اہل، قابل اور باصلاحیت نوجوانوں کی شمولیت کے لیے بھرتی کے عمل کو شفاف اور غیر جانبدارانہ انداز میں مکمل کیا جائے گا تاکہ مقررہ معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں کو پولیس فورس میں خدمات انجام دینے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 34

کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر سینئر بیورو کریٹ نور احمد پرکانی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ آغا عمر بنگلزئی نے کہا کہ بلوچستان قبائلی صوبہ ہے یہاں پر بسنے والے تمام قبائل قابل احترام ہیں ہم سب کو اپنے لوگوں کی مشکلات کا ادراک رکھتے ہوئے انہیں دور کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے کیونکہ حالات کی سنگینی کی وجہ سے اسپلنجی مرو سمیت دیگر علاقوں میں بھی جو صورتحال ہے اس سے زمینداروں، علاقہ مکینوں کے علاوہ وہاں پر روزگار کے لئے کام کرنے والوں کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے ارباب اختیار اور حکومت سمیت مقتدر حلقے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں تاکہ زمینداروں اور علاقہ مکینوں کو جو مشکلات ہیں وہ دور ہو سکے انہوں نے کہا کہ میں نے علاقے کے لوگوں اور زمینداروں کی مشکلات کے حوالے سے حکام بالا کو آگاہ کر دیا ہے اور اس حوالے سے علاقہ مکین اسٹیبلشمنٹ، حکومت اور ریاستی ادارے ایک پیج پر متحد ہوکر اقدامات اٹھا رہے ہیں اور سنجیدگی سے ان مسائل کے حل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر اہلیان اسپلنجی مرو نے آغا عمر بنگلزئی اور دیگر مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہماری آواز حکام بالا تک پہنچا کر مسائل کے حل کو یقینی بنانے میں جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔

بقیہ 35

کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر سینئر بیورو کریٹ نور احمد پرکانی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ آغا عمر بنگلزئی نے کہا کہ بلوچستان قبائلی صوبہ ہے یہاں پر بسنے والے تمام قبائل قابل احترام ہیں ہم سب کو اپنے لوگوں کی مشکلات کا ادراک رکھتے ہوئے انہیں دور کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے کیونکہ حالات کی سنگینی کی وجہ سے اسپلنجی مرو سمیت دیگر علاقوں میں بھی جو صورتحال ہے اس سے زمینداروں، علاقہ مکینوں کے علاوہ وہاں پر روزگار کے لئے کام کرنے والوں کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے ارباب اختیار اور حکومت سمیت مقتدر حلقے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں تاکہ زمینداروں اور علاقہ مکینوں کو جو مشکلات ہیں وہ دور ہو سکے انہوں نے کہا کہ میں نے علاقے کے لوگوں اور زمینداروں کی مشکلات کے حوالے سے حکام بالا کو آگاہ کر دیا ہے اور اس حوالے سے علاقہ مکین اسٹیبلشمنٹ، حکومت اور ریاستی ادارے ایک پیج پر متحد ہوکر اقدامات اٹھا رہے ہیں اور سنجیدگی سے ان مسائل کے حل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر اہلیان اسپلنجی مرو نے آغا عمر بنگلزئی اور دیگر مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہماری آواز حکام بالا تک پہنچا کر مسائل کے حل کو یقینی بنانے میں جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل تحسین ہے۔

بقیہ 36

اللہ کاکڑ کے بچا تھے۔ جن کی فاتحہ خوانی اتحاد روڈ پشتون باغ نزد پاک ترک کالج مولانا دوست محمد کی مدرسہ میں جاری ہے دریں اثناء جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات و امیر نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا حافظ ثناء اللہ نے تعزیت کا اظہار کیا ہے

بقیہ 37

ی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 38

لیس کو ہدایت کی کہ طالبات کی بہتر ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لیے تعلیمی نصاب کے ساتھ ساتھ ہم نصابی (curricular-extra) سرگرمیوں میں بھی ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔ بعد ازاں، ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو اسپتال کا دورہ کیا، جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (MS) نے انہیں اسپتال میں دستیاب طبی سہولیات اور انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے اسپتال انتظامیہ کو واضح احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین اور معیاری سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع کے تمام سرکاری اداروں میں نظم و ضبط، شفافیت اور بہترین کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے ایسے دورے آئندہ بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ 39

بحالی کے لیے وفاقی حکومت اور متعلقہ حکام سے فوری رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ موسم سرما کی آمد سے قبل موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو شدید سردی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے اور گیس کے مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کرے۔ نام اور عہدے واضح کردیں۔

بقیہ 40

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الرحمان اور یونیورسٹی آف گوادر کے کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر رحیم بخش مہر نے بطور سبجیکٹ اسپیشلسٹ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں پی ایچ ڈی، ایم فل اور بی ایس پروگرامز کے نصاب، کورسز اور لرننگ آؤٹ کمز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ شرکاء نے نصاب میں مصنوعی ذہانت (اے آئی) کا کورس شامل کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر عبدالصبور نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد بلوچی زبان، ادب اور ثقافت کے فروغ کے ساتھ ساتھ طلباء کو بدلتے ہوئے عالمی تقاضوں اور ڈیجیٹل دور کی مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے

سیاسی جماعتوں کے احسانات کو پاں تلے روند دیا اور اپنے جمہوری بیانیے کو بالکل پس پشت ڈال دیا، مولانا قادرلونی

تمام سیاسی جماعتوں کو آئین کی بالادستی کیلئے ایک پیج پر آنا چاہیے

جب تک ملک کی سیاسی جماعتیں قومی آئین، جمہوری روایات اور پائیدار اصولوں کو ذاتی و سیاسی مفادات پر ترجیح نہیں دیں گی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الہدی، صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمن نکیال، صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہر اللہ، صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، صوبائی امیر پنجاب مولانا ثنا اللہ فاروقی، مرکزی نائب امرا مولانا عبدالوہاب ڈ(صفحہ نمبر3بقیہ نمبر16)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول باغبازار پسنی کا دورہ

انتظامی امور، طالبات کی ضروریات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی، تعلیمی معیار میں بہتری اور سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریسی و انتظامی امور کی موثر نگرانی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد حسین نے گزشتہ روز گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول باغبازار پسنی کا دورہ کیا جہاں پر انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور تدریسی سرگرمیوں، طالبات کی تعلیمی کارکردگی اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔انہوں نے طالبات سے تعلیمی امور کے حوالے سے گفتگو کی اور انہیں معیاری تعلیم کے حصول، محنت اور باقاعدگی سے تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دی۔اس موقع (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر15)

کالجز میں اساتذہ اور عملے کی متعدد آسامیاں خالی ہونے کے باعث تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں، کمشنر سبی

سبی (آن لائن) کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان کو ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر خالد حسین نے ڈویژن کے بوائز، گرلز اور انٹر کالجز کی مجموعی کارکردگی، تعلیمی صورتحال اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران کالجز میں (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر14)

صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے، بلال کاکڑ

ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی توجہ حاصل کرنا اور کاروباری برادری کے ساتھ روابط کو مضبوط بنانا ہے، خطاب

صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کیلئے مشترکہ کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں

لاہور/کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں، 21 اکتوبر کو لاہور میں ایف پی سی سی آئی کے اشتراک سے بلوچستان اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم 2026 کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کا مقصد بلوچستان میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنا، ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی تو(صفحہ نمبر3بقیہ نمبر13)

گوادر چیمبر مین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ شنہزادا اینڈ شاہ فارم کے سی ای او شاہ نوبی کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت اجلاس

اجلاس میں منصوبے کی بروقت تکمیل سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ

منصوبے کے تحت شہر میں چھ چیک پوسٹس قائم کی جا رہی ہیں، خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ان لائن اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبے پر جاری کام، کیمروں کی تنصیب، متاثرہ سائٹس کی بحالی اور منصوبے کی بروقت تکمیل سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ایس ایس پی ٹریفک (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر11)

لورالائی شہر میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، عوام اذیت میں مبتلا

48، 48 گھنٹے بجلی کی بندش نے معمولات زندگی مفلوج کر دیے

لورالائی (آن لائن) لورالائی میں جنگل کا قانون یا عوام کے ساتھ ناانصافی؟ ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں بجلی کی طویل ترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی۔ 48،48 گھنٹے بجلی کی مسلسل بندش سے طلبہ، تاجر، مزدور، ملازمین اور (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر10)

صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اور سائلین کی ملاقاتیں

حکومت مسائل کے موثر ازالے اور گورننس میں بہتری کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، سردار کوہیار ڈومکی

پاکستان پیپلز پارٹی اور حکومت بلوچستان عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے پرعزم ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اور سائلین سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر سائلین نے انہیں اپنے مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا، جس پر صوبائی وزیر نے متعلقہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے مسائل کے فوری حل کے لیے اقدامات کیے۔اس موقع پر سردار کوہیار خان ڈومکی نے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر1)

عوام عدم تحفظ اور معاشی پریشانیوں کا سامنا کر رہے ہیں، مولانا عبداللہ جنگ

سیاسی نابالغ مولانا فضل الرحمن کے خلاف غیر ذمہ دارانہ بیان بازی سے باز آجائیں

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر قائد نصیر آباد مولانا عبداللہ جنگ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ قائد ملت اسلامیہ حضرت مولانا فضل الرحمن کے خلاف زبان درازی کرنے والے نابالغ سیاسی ٹولہ اپنی حیثیت اور سیاسی اوقات یاد رکھیں، آج مختلف روپ میں چند ایسے عناصر میدان میں اتارے جا رہے ہیں جن کی اپنی کوئی قابل ذکر سیاسی شناخت اور عوامی جدوجہد نہیں یہ لوگ اپنے سیاسی آقاؤں کی خوشنودی کے لیے قومی قیادت کے خلاف بیان بازی کر کے اپنا قد بڑھانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر2)

قلات بجلی کا کرنٹ لگنے سے کیسکو کا ملازم ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) قلات کے علاقے میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے کیسکو کا ملازم ہلاک ہوگیا، نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔پولیس کے مطابق گزشتہ روز قلات میں کیسکو کا ملازم محلہ گوم میں بجلی ٹھیک کر رہا تھا کہ کرنٹ لگنے سے ہلاک ہوگیا۔جس کی شناخت رحمت اللہ کے نام (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر12)

بلوچستان کو محصور کرنے کی پالیسی ناقابل قبول ہے، جمعیت (ف)

ایران بارڈر کی بندش لاکھوں لوگوں کے روزگار پر ضرب اور عوام کا معاشی قتل ہے، مولانا عبدالواسع

حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان کے معاشی ذرائع محدود کر کے محرومیوں میں اضافہ کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اسلام آباد میں مرکزی مجلس شوریٰ کے اجلاس کے بعد اراکین کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ایران بارڈر کی بندش، افغانستان کے ساتھ پہلے سے بند سرحدی راستوں، غیر ضروری چیک پوسٹوں کی بھرمار اور قومی شاہراہوں پر چیکنگ کے نام پر تاجروں اور مسافروں کو ہراساں کرنے اور تذلیل کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر3)

پروفیسر ڈاکٹر عبدالصبور کی صدارت اجلاس

معیار کو مزید بہتر بنانے کیلئے اپنی قیمتی تجاویز پیش کیں

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے انسٹیٹیوٹ آف بلوچی لینگویج اینڈ کلچر کے ڈیپارٹمنٹل بورڈ آف اسٹڈیز کا پانچواں اجلاس فیکلٹی آف لٹریچر اینڈ لینگویجز کے ڈین اور انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عبدالصبور کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں انسٹیٹیوٹ اور یونیورسٹی کے ساتھ الحاق شدہ کالجز کے اساتذہ اور بورڈ کے ارکان نے شرکت کی، جبکہ (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر4)

محکمہ ایکسائز بلوچستان کی انسداد منشیات مہم، قلعہ عبداللہ میں چرس اور بھنگ کی فصل تلف

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و انسداد منشیات بلوچستان نے انسداد بھنگ مہم 2026 کے تحت ضلع قلعہ عبداللہ کے مختلف (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر9)

ٹی ٹیوٹا اور بی ٹی آر ایس پی کا مشترکہ اقدام: سالانہ 25 ہزار بلوچستانی نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر روزگار فراہم کرنے کا عزم

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر صوبے کے نوجوانوں کو بااختیار، ہنرمند اور خودکفیل بنانے کے لیے ایک اہم اور عملی پیش رفت سامنے آئی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر8)

بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 پر قائمہ کمیٹی کا اجلاس

تداخل کے باعث ایک مربوط اور موثر قانونی نظام کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ماہی گیری (فشریز) کا اجلاس کمیٹی روم، بلوچستان صوبائی اسمبلی میں چیئرمین کمیٹی مولانا ہدایت الرحمن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین ظہور احمد بلیدی، عبدالمجید بادینی اور سید ظفر علی آغا نے شرکت کی، جبکہ سیکرٹری صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری فشریز طارق قمر بلوچ، اسپیشل سیکرٹر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر5)

DG ایکسائز ساؤتھ زمان خان کی قابلیت کا اعتراف کرتے ہیں ثناء بنگلزئی

سمگلنگ کیخلاف جارحانہ کارروائیوں سے سماج دشمن عناصر کی چالیں سمندر برد کر دی

کوئٹہ (آن لائن) مزدا ترک یونین بلوچستان کے صدر ثناء بنگلزئی، جنرل سیکرٹری امان مینگل بابل سریرہ و دیگر نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ افسران بالا کی قابلیت اور ذمہ دارانہ کردار محکموں اور اداروں کیلئے اہم ستون کا درجہ رکھتی ہے ڈائریکٹر جنرل ایکسائز ساؤتھ زمان خان کا شمار بھی انہی آفیسران میں ہوتا ہے جن کی محنت اور قابلیت محکمہ ایکسائز کی مضبو (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر6)

دکی، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی

کوئٹہ (آن لائن) دکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز دکی کے علاقے کلی میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سراب (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر7)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کوئٹہ سیف سٹی پروجیکٹ کے حوالے سے منعقدہ آن لائن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میونسپل کمیٹی کونسلر احمد نواز بلوچ کا گورنمنٹ گرلز اسکول کونگ کا دورہ

فرنیچر کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں

قلات (آن لائن) میونسپل کمیٹی کونسلر احمد نواز بلوچ کا گورنمنٹ گرلز اسکول کونگ کا دورہ، تعلیمی مسائل اور بنیادی سہولیات کی کمی کی نشاندہی، بلوچستان نیشنل پارٹی قلات کے سینئر رہنما اور کونسلر احمد نواز بلوچ نے گورنمنٹ گرلز اسکول کونگ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسکول انتظامیہ سے ملاقات کے دوران تعلیمی مسائل اور بنیادی سہولیات کی کمی سے متعلق تفصیلات حاصل کیں۔ اس موقع پر اسکول انتظامیہ نے انہیں درپیش مشکلات سے آگاہ کیا اور میڈیا سے گفتگو کر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر20)

ٹریفک پولیس عوام دشمنی پر مبنی اقدامات ترک کرے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ شہر کے مختلف چوراہوں، سڑکوں پر ٹریفک پولیس کی لوٹ مار اور غریب عوام، ڈرائیوروں کو تنگ کرنے کے ناروا اقدامات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ شہر کے مختلف شاہراہوں پر ٹریفک پولیس آفیسران واہلکار شہریوں کو مختلف حیلوں و بہانوں سے تنگ کرنے، ان سے رشوت مانگنے، لوڈ چھوٹی گاڑیوں کو چالان کرنے، کوئٹہ شہر اور مختلف اضلا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر19)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق نیشنل گرڈ کمپنی (این جی سی) کی جانب سے 220kv سی۔کوئٹہ ٹو گرڈ اسٹیشن لا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر17)

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع لورالائی کے ضلعی ایگزیکٹو کا اجلاس

لورالائی (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع لورالائی کے ضلعی ایگزیکٹو کا اجلاس لورالائی کے علاقے قلعہ زنگیوال میں بلال خان کی رہائش گاہ پر پشتونخوا اسٹیشنل عوا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر18)

بہرام خان بگٹی کا عملے کے ہمراہ مین بازار مانجھی پور کا دورہ

فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں

عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور مارکیٹ میں نظم وضبط برقرار رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی ہدایت پر تحصیلدار مانجھی پور بہرام خان بگٹی نے اپنے عملے کے ہمراہ مین بازار مانجھی پور کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں معیار اور دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر گوشت سبزیوں پھلوں اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیا کی فروخت کے نرخ چیک کیے گئے جبکہ دکانداروں کی جانب سے سرکاری نرخنامے پر عمل درآمد کو بھی جانچا گیا تاکہ عوام کو مقررہ قیمتوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔دورے کے دوران میڈیکل اسٹورز کا بھی معائنہ کیا گیا اور دوا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر21)

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ، انجینئر میر وائس کاکڑ، میر جاوید گل ملازئی، سردار زادہ شیر دل خان جوگیزئی، نذر محمد خان کاکڑ، نصیر خان کاکڑ اور دیگر شخصیات پی پی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ اور قبائلی رہنما ملک اسد خان ملازئی کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاکستان اور افغانستان کے درمیان بارڈر ٹریڈ کا شروع ہونا وقت اور حالات کے لئے اہم ضرورت ہے، عبدالعنان ہمت

پاکستان و افغانستان کے عوام ہمارے اپنے ہیں، افغان قونصل جنرل

دونوں ممالک کے زمیندار اور تاجروں سمیت بزنس کمیونٹی بارڈر کی بندش سے پریشان اور مشکلات سے دو چار ہے

کوئٹہ (آن لائن) افغان قونصل جنرل برائے کمرشل عبدالعنان ہمت نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان بارڈر ٹریڈ کا شروع ہونا وقت اور حالات کے لئے اہم ضرورت ہے اس لئے ہمیں سنگین صورتحال کو ختم کر کے دونوں کے درمیان مزید روابط بڑھاتے ہوئے بارڈر کی بندش کو ختم کر کے تجارت کو بحال کرنا ہوگا تاکہ تجارت اور سیاست کو الگ رکھا جا سکے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ چیمبر آ (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر22)

پیپلز پارٹی جمہوریت کی نگہبانی میں ایسے کئی سانحات سے گزری ہے، فضل ساسولی

بلاول بھٹو زرداری کی درازی عمر اور پارٹی کی کامیابی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

ڈھاڈر (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی شہید قائد محترمہ بینظیر بھٹو کی جلاوطنی کے بعد کراچی آمد کے موقع پر پیش آنے والے سانحہ کارساز کے شہدا اور بلوچستان کے ضلع کچھی بولان سے تعلق رکھنے والے شہید جمہوریت خلیل احمد سالانی کی 19 ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پیپلز پارٹی ضلع کچھی کے زیر اہتمام ضلعی صدر محمد فضل ساسولی کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ڈھاڈر بوہڑ ہاؤس میں دعائیہ تقریب منعقد کی گئی جس میں شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے قرآن خوانی اور لنگر تقسیم کیا گیا تقریب میں ضلعی تحصیل یو سی عہدیداروں کے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر34)

واشک کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں ملیں

کوئٹہ (آن لائن) واشک کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں ملیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز واشک ارماگئے کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں ملیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔جن کی شناخت فہیم اور مجید سکنہ خیرپور سندھ کے نام سے کی گئی نعشیں ضرور (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر37)

موسم سرما کی آمد سے قبل موثر اقدامات کیے جائیں، ڈاکٹر عطاء الرحمان، حافظ نور علی

سردی کی شدت بڑھنے سے پہلے کوئٹہ میں گیس کی لوڈشیڈنگ ختم اور پریشر بحال کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امرا ڈاکٹر عطاء الرحمان اور حافظ نور علی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں سردی کی شدت بڑھنے سے پہلے گیس کی لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے۔ سردیوں میں درجہ حرارت نقطۂ انجماد سے نیچے چلا جاتا ہے، ایسے میں گیس کی عدم دستیابی عوام کے لیے شدید مشکلات پیدا کرتی ہے۔انہوں نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے سرد علاقوں میں گیس کی فراہمی یقینی بنانے، لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور پریشر کی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر39)

ژوب، گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی زیر نگرانی ژوب میں ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل

ژوب (آن لائن) گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی زیرنگرانی ژوب میں ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل ہوگئے، جن میں ملک طاہر خان کاکڑ صدر اور عبدالجبار کاکڑ جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے اس سلسلے میں نیو اڈہ ژوب میں نومنتخب کابینہ کی پانچ سالہ مدت کے لیے حلف (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر23)

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

بلوچستان قبائلی صوبہ ہے، آغا عمر بنگلزئی

مسائل کے حل کو یقینی بنا کر انہیں درپیش مشکلات سے چھٹکارا دلا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق نگران صوبائی وزیر داخلہ آغا عمر بنگلزئی نے کہا ہے کہ حکومت سیکورٹی فورسز اور مقتدر قوتیں زمینداروں سمیت عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کو یقینی بنا کر انہیں درپیش مشکلات سے چھٹکارا دلا رہی ہے امن وامان کی بحالی اور روز مرہ کے امور میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے مثبت اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جس سے لوگوں کو فائدہ ہوگا یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اہلیان اسپلنجی مرو کے معتبرین میر قیوم بنگلزئی، چیئرمین یونین کونسل ناظم میر حیدر سمیت علاقے کے معززین کی جانب سے ان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر35)

یونین کونسل کنچوغی کلی کچھی فردوس کے ٹھیکیدار ایار محمد طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) یونین کونسل کنچوغی کلی کچھی فردوس کے ٹھیکیدار ایار محمد طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے ہیں۔وہ مرحوم آزاد خان عرف زادہ مرحوم مدد خان گل محمد کے بھائی محمد نسیم۔محمد نعیم عبدالقیوم محمد عمران کے والد محمد یوسف۔مولوی م نظام الدین علاؤ الدین اور عبداللہ پروفیسر عصمت (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر36)

ڈی سی ہرنائی کا (DHQ) اسپتال ہرنائی کا ہنگامی دورہ

کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے ایسے دورے آئندہ بھی جاری رہیں گے

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے ضلع کے عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اور ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (DHQ) اسپتال ہرنائی کا ہنگامی اور تفصیلی دورہ کیا۔اسکول کے دورے کے دوران، ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے اساتذہ کی حاضری کے ریکارڈ کا باریک بینی سے معائنہ کیا اور طالبات سے براہ راست بات چیت کی۔ انہوں نے اسکول کی ہیڈ مسٹر (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر38)

قلات: اغوا ہونے والے ایم سی بی بینک کے دونوں اعلی افسران بحفاظت گھر پہنچ گئے

قلات (آن لائن) قلات کے علاقے رودینجو سے اغوا ہونے والے ایم سی بی بینک خضدار ریجن کے ریجنل ہیڈ آپریشنز حاجی لشکر خان بنگلزئی اور ریجنل ہیڈ سیلز خالد لہڑی آج بحفاظت اپنے گھروں کو پہنچ گئے۔دونوں افسران کو 2 اکتوبر 2026 کو خضدار سے کوئٹہ جاتے ہو (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر24)

سانحہ کارساز پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک المناک واقعہ ہے، سید اقبال شاہ

اس موقع پر شہدا کے درجات کی بلندی اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلی بلوچستان کے فوکل پرسن و مرکزی رہنما سید اقبال شاہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر اول میر ریاض شاہوانی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر25)

قومی مفاد اور ملکی سلامتی کے معاملات پر تمام سیاسی قوتوں کو ذمہ داری کا احساس کرنا چاہیے، صوبائی مشیر سیاحت

پاکستان کو دہشتگردی کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، زرین مگسی

قومی سلامتی جیسے حساس معاملات پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے اتحاد، یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرز عمل کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے، ایسے نازک وقت میں مولانا فضل الرحمن کو چاہیے کہ وہ پاک فوج کے خلاف اشتعال انگیز بیانات سے گریز کریں۔خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت کو انسداد دہشت گردی کی پالیسی پر اختلافات کا سامنا رہا، تاہم سیاسی اختلافات کو تو (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر26)

کوئٹہ، انڈیپنڈنٹ پینل کے رہنما خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ، احسن بھون، ہارون رشید اور دیگر وکلا، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں ہائیکورٹ میں دیئے گئے عشائیے کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

ڈپٹی کمشنر قلات کا گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول قلات کا دورہ

ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم باہمی تعاون سے اقدامات کر رہے ہیں، گفتگو

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول قلات کا دورہ کیا، جہاں ہیڈ مسٹریس یاسمین شاہوانی نے انہیں اسکول میں دستیاب تعلیمی سہولیات، درپیش مسائل اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نیا اسکول کے خستہ حال کمروں کا معائنہ بھی کیا۔ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے سکول میں قائم محکمہ تعلیم کے بک اسٹور کا بھی جائزہ لیا اور وہاں موجود سہولیات کا معائنہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے سکول کے خستہ حال کمروں کی مرمت، بک اسٹور کی تو (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر32)

لونکڈی میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کیلئے سنگین خطرہ بن گئی، متعلقہ حکام خاموش تماشائی

لونکڈی (آن لائن) شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔صورتحال اس قدر تشویشناک ہو چکی ہے کہ دن ہو یا رات، خواتین، بچوں، بزرگوں اور عام شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا خطرے سے خالی نہیں (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر31)

عوام انواع واقسام تو درکنار دو وقت کی روٹی کے حصول کیلئے پریشان ہیں، جمعیت کوئٹہ

آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

وزارتیں حاصل کرنے والوں نے عوامی خدمت کے بجائے اپنے سرمائے پر منافع کمانے کا ذریعہ بنا رکھا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر30)

نال: گرد ونواح میں ٹریکٹروں پر ہوئی اسپیکر کے بے جا استعمال سے عوام پریشان، ضلعی انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

نال (آن لائن) نال اور گرد ونواح میں ٹریکٹروں پر ہوئی اسپیکر کے بے جا استعمال کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر27)

جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کی نئی کابینہ کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ نے نئی کابینہ کا اعلان کر دیا۔ جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر29)

قلات مبلغی کے قریب ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق 15 افراد زخمی

ٹیمیں جائے حادثہ اور امدادی کارروائیوں میں متحرک ہوئیں، ریسکیو حکام

قلات (آن لائن) قلات مبلغی کے قریب ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق جبکہ 15 افراد زخمی ہوگئے، ہسپتال منتقل، ذرائع کے مطابق قلات کے قریب کوئٹہ کراچی شاہراہ مبلغی کے مقام پر کوچ اور چھوٹی گاڑی میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 15 افراد زخمی ہو گئے ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ کے بارے میں اطلاع ملتے پر MERC قلات (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر28)

پنجگور میں نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو زخمی کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور میں نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو زخمی کر دیا۔ جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے ستار چوک پر نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی۔جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 3 افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

ڈسٹرکٹ قلات میں کانسٹیبلری کی بھرتیوں کا فزیکل ٹیسٹ کے بعد تحریری امتحانات کا مرحلہ مکمل

قلات (خ ن) بلوچستان پولیس ضلع قلات میں کانسٹیبلری کی بھرتی کے سلسلے میں فزیکل رننگ ٹیسٹ میں کامیاب امیدواروں کا تحریری امتحان مکمل کرالیا گیا۔ امتحان میں امیدواروں کی تعلیمی قابلیت اور تحریری صلاحیتوں کا جائزہ لیا گیا۔ تحریری امتحان کی نگرانی ایس ایس پی (صفحہ نمبر3بقیہ نمبر33)

کوئٹہ، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے اجلاس کی صدارت خان زمان کر رہے ہیں حاجی بشیر احمد، قاسم خان، عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، ظفر خان رند، محمد عمر جتک، عارف خان نیچاری، دین محمد محمد حسنی و دیگر رہنما شریک ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون، فیکس:2824878 موبائل نمبر:03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com